www.ustaman.com.pk

روزنامہ
استمان
مستونگ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 پیر 21 ستمبر 2026ء 08 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 82

Daily USTAMAN ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

ٹریفک حادثے کا شکار ہونے والا والڈ لیس ویل ٹینکر ایک طرف جبکہ فریم دوسری طرف پڑا ہے

علی امین گنڈا پور ہسپتال منتقل

پشاور (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی امین گنڈا پور کو طبیعت ناسازی کے باعث اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سردار علی امین خان گنڈہ پور کو طبیعت ناساز ہونے پر ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹرز نے ان کا طبی معائنہ کیا اور ڈرپ لگائی۔ علی امین گنڈا پور کا چند روز قبل آپریشن ہوا جس کے بعد انہیں گردن میں تکلیف کی شکایت تھی۔ ڈاکٹرز نے معائنے اور ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پولیس نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو تھری ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا، کوٹ لکھپت جیل منتقل

کسی قسم کا تصادم نہیں چاہتے، ایسے میں علیمہ کو گرفتار کرنا یا ایم پی او کے تحت نظر بند رکھنا تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے جس کی شدید مذمت کرتے ہیں، بیرسٹر گوہر

علیمہ خان لاہور کے علاقے اپر مال میں واقع گھر سے جم جانے کیلئے نکلیں، لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لے لیا، علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث حراست میں لیا گیا

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور سے 3 ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث تھری ایم پی او کے تحت لاہور لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علیمہ خان کی گاڑی لٹن روڈ تھانے میں کھڑی ہے جبکہ انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو تھری ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا ہے اور انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق علیمہ خان اپر مال میں واقع اپنے گھر سے جم جانے کے لیے نکلی تھیں کہ لٹن روڈ پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا۔ بیرسٹر گوہر خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ نورین نیازی نے انہیں علیمہ خان کی گرفتاری کے بارے میں فون پر بتایا ہے۔ پی ٹی آئی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

☆☆☆☆☆لاہور: بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خانم میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆

شام میں ادارہ جاتی وعسکری اصلاحات خوش آئند ہیں، پاکستان

اسرائیلی مداخلت اس عمل کو پٹری سے اتار سکتی ہے، پاکستانی مندوب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان نے شام میں ادارہ جاتی وعسکری اصلاحات کو سراہتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بیرونی اقدامات بالخصوص اسرائیلی عسکری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کارکنان کے ہمراہ مارچ پر روانہ ہو رہے ہیں

پی ٹی آئی پرامن احتجاج پر یقین نہیں رکھتی

ہماری ذمہ داری ہے کوئی تشدد پر جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، پی ٹی آئی والے تشدد اور تصادم والا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہیں، حکومت

سڑکوں کی بندش، آمدورفت میں خلل کے حوالے سے ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں

پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی کال غیر قانونی ہے حکومت انہیں سڑکیں بند کرنے اور عوام کی روزمرہ زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت کسی صورت نہیں دیگی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آ رہی ہیں، جو شکایات آ رہی ہیں، انہیں حل کیا جا رہا ہے، پیٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڑھائی کروڑ موٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جنرل اسمبلی اجلاس، عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا شیڈول جاری

22 ستمبر کو ٹرمپ، ترک، فرانسیسی صدور، قطر کے امیر سمیت دیگر خطاب کریں گے

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 81 ویں اجلاس میں عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ شیڈول کے مطابق ٹرمپ، اردوان، میکرون سمیت متعدد عالمی رہنما پہلے روز جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے جبکہ عمومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

دھرنوں اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہو سکتا ہے، وزیر خزانہ

ہم معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر ملک کی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں، سینیٹر محمد اورنگزیب

معاشی سرگرمیوں کے تعطل سے معیشت کو اربوں روپے کے نقصان کا خدشہ، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا، دھرنوں اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہو سکتا ہے، معاشی سرگرمیوں کے تعطل سے قومی معیشت کو اربوں روپے کے نقصان کا خدشہ ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہم معاشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اوتھل: درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کے سالانہ میلے کا سیکیورٹی پلان منظور

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی احکامات پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن لسبیلہ نے درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کے سالانہ تین روزہ میلے کے پرامن انعقاد کیلئے خصوصی سیکیورٹی پلان کی منظوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

خاران میں ڈپٹی کمشنر منیر سومرو اغوا کر لیا گیا

مسلح افراد کی جانب سے ڈپٹی کمشنر اغوا کیے جانے کی اطلاعات، واقعے کی تحقیقات جاری

خاران (آن لائن) نوشکی خاران روڈ پر مسلح افراد کی جانب سے ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو مبینہ طور پر اغوا کیے جانے کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک روانہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کے گالا ڈنر سے خطاب کر رہے ہیں

پاک فوج میں اعلیٰ سطح پر بڑے پیمانے پر تعیناتیاں

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے اعلیٰ کمانڈ اور اسٹاف ڈھانچے میں اہم ردوبدل سامنے آیا ہے، جس کے تحت متعدد میجر جنرلز کو جنرل ہیڈ کوارٹرز، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم کا کوئٹہ کے شادی ہالز کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت اور چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں پوری قوت کیساتھ جاری رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

غیر ملکی سرپرستی سے ہونیوالی دہشتگردی کیخلاف کارروائی کے ذریعے عوام اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائیگا

آپریشن ''عزم استحکام'' کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (چمن۔کراچی، N-25) پر دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

علیمہ خان کو گرفتار کرنا حالات خراب کرنے کا پہلا قدم ہے، پی ٹی آئی

یہ عمل تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، ان اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا لائحہ عمل جلد دے گی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کی لاہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

قلات میں کامیاب آپریشن پر صدر مملکت، وزیراعظم اور وزیرداخلہ کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) قلات کے قریب کامیاب آپریشن پر صدر مملکت، وزیراعظم اور وفاقی وزیر داخلہ نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ اور دیگر کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہم نے خطے میں جاری کشیدگی میں کمی کیلئے مخلصانہ کوششیں کیں، شہباز شریف

جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے، وزیراعظم کا بیان

امن کا انحصار سماج کے اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے اسی تناظر میں تعلیمی نظام میں اس عنصر کی تربیت ناگزیر ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کیساتھ مل کر پرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام وسلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

18 ویں ترمیم کے خلاف بیان چھوٹے صوبوں کے حقوق پر حملہ ہے، قادر مندوخیل

کراچی کو بندوق کے سائے میں رکھنے والے جمہوریت پر درس نہ دیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قادر مندوخیل نے وفاقی وزیر ایم کیو ایم کے رہنما مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کو بندوق کے سائے میں رکھنے والے آج جمہوریت اور آئینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

حوثی بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا، سعودی فوجی اتحاد

ریاض (آن لائن) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ ہفتے کے روز یمن کے حوثیوں کی جانب سے ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ سعودی فوجی اتحاد کے مطابق بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

علیمہ کی گرفتاری سے ظاہر ہو رہا ہے حکومت 27 ستمبر مارچ سے ڈر گئی، راجا ناصر عباس

ایک خاتون کو پاکستان کے امن وامان کے لیے خطرہ قرار دینا حکومت کی بوکھلاہٹ ہے، اپوزیشن لیڈر سینیٹ

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ علیمہ خان کی گرفتاری سے ظاہر ہے کہ حکومت 27 ستمبر مارچ سے ڈر گئی اس لیے گرفتاریاں کر رہی ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین خان کی اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس سے ٹیلی فونک گفتگو ہوئی۔ علامہ ناصر عباس نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

علیمہ خان کی گرفتاری بدترین سیاسی انتقام کے علاوہ کچھ بھی نہیں، سہیل آفریدی

اختلاف عمران خان سے ہے تو مقابلہ بھی عمران خان کے نظریے اور سیاست سے کریں، بیان

پشاور (جی این ایم) وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے پنجاب میں خواتین کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں اور عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو گھر کے باہر سے گرفتار کر کے 3 ایم پی او کے تحت کوٹ لکھپت جیل منتقل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی شرمناک اور قومی روایات کی پامالی قرار دیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

امریکا کو پہلے ہماری شرائط پر عمل کرنا چاہیے، ایران

قطر اور پاکستان کی حکومتیں ایران سے مسلسل مشاورت اور رابطوں میں ہیں

تہران (آن لائن) ایران کے سلامتی امور کے عہدیدار محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکا پہلے ایران کی شرائط پر عمل کرے، اس کے بعد ہی مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ عرب میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران محسن رضائی نے کہا کہ قطر اور پاکستان کی حکومتیں ایران سے مسلسل مشاورت اور رابطوں میں ہیں، ایران نے اپنی شرائط سے دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

قلات سیکیورٹی فورسز کی کارروائی 5 دہشتگرد ہلاک 23 مغوی بازیاب

خاران، دہشت گردوں کا مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ، گاڑی میں سوار دیگر 9 مزدوروں کو بھی چوٹیں آئیں، سیکیورٹی ذرائع

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں، بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے قلات کے قریب کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق قلات کے قریب این 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سیکیورٹی فورسز نے بروقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ہرنائی کے طالب لیز کوئلہ مائنز ایریا میں مسلح افراد کی کارروائی، 5 کانوں کی مشینری نذر آتش

ہرنائی (آن لائن) ضلع ہرنائی کے کوئلہ مائنز ایریا طالب لیز میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 کوئلہ کانوں میں نصب قیمتی مشینری کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے ٹھیکیداران عبدالخالق، حضرت محمد نبی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایران نے سعودی عرب اور یمن کو امن کی پیشکش کر دی

ایران حقیقی طور پر سعودی عرب اور یمن کے درمیان جنگ ختم کرنا چاہتا ہے، محسن رضائی

تہران (آن لائن) ایران کے سیکیورٹی چیف محسن رضائی نے کہا ہے کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے معاہدے سے دستبرداری کے امکان پر غور کر رہا ہے اور اس حوالے سے فیصلہ امریکا کے آئندہ رویے کو دیکھ کر کیا جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع

سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز اب 25 ستمبر 2026 تک جمع ہو سکیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے اگست 2026 کے ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ بڑھا دی گئی جس کے مطابق سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز اب 25 ستمبر 2026 تک جمع ہو سکیں گے۔ ایف بی آر کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

قلات، بھارتی سرپرست یافتہ فتنہ الہند کے پراکسی سے تعلق رکھنے والے پانچ دہشت گرد سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک

سیاسی مسائل کے حل کیلئے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا، بیرسٹر گوہر

خیبر پختونخوا پولیس کی استعداد کار بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے، گزشتہ سال پولیس محکمے پر 45 ارب روپے خرچ کیے

ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کے سیاسی حل کے لیے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر نے محسن نقوی کے ساتھ ملاقاتوں کی تردید سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج میں کوئی قانون نہیں توڑیں گے اور نہ راستے بند کریں گے جبکہ لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا بالکل استعمال نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کو آئی جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کراچی، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف افسران اور جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں

حوثیوں کے حملوں سے سعودی عرب کو خطرہ، ترکیہ نے دفاعی مدد کا بڑا عندیہ دے دیا

انقرہ (آن لائن) ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ کا حصہ بنانا ناقابل قبول ہے، کیونکہ ریاض خود اس تنازع میں شامل ہونا نہیں چاہتا۔ رائٹرز کے مطابق ترک وزیر خارجہ نے ٹی وی چینل این ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترکیہ نے جنگ ختم کرنے کے لیے تمام متعلقہ فریقوں تک بعض تجاویز بھی پہنچائی ہیں، تاہم انہوں نے ان تجاویز کی تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کراچی میں فلیٹ سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی لاشیں برآمد

فلیٹ سے ملنے والی لاشیں میاں، بیوی اور بچوں کی ہیں، لاشیں کئی روز پرانی لگتی ہیں، پولیس

کراچی (آن لائن) کراچی کے علاقے احسن آباد میں فلیٹ سے 5 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق احسن آباد میں فلیٹ سے ملنے والی لاشیں میاں، بیوی اور بچوں کی ہیں، لاشیں کئی روز پرانی لگتی ہیں۔ پولیس کے مطابق متوفی ڈاکٹر عمر احسن آباد کے ہی ہسپتال میں ملازمت کرتے تھے، لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی ایسٹ کے مطابق واقعہ کی تحقیقات کر رہے ہیں، پولیس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ٹرمپ کا حوثیوں کے خلاف کارروائی پر غور، مشرق وسطیٰ میں امریکیوں کیلئے الرٹ

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یمن کے حوثیوں کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے مختلف آپشنز کا جائزہ لیا ہے، ذرائع

واشنگٹن (آن لائن) امریکی میڈیا کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یمن کے حوثیوں کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے مختلف آپشنز کا جائزہ لیا ہے اور اسی سلسلے میں کیمپ ڈیوڈ میں قیام مختصر کر کے وائٹ ہاؤس واپس پہنچ گئے۔ رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے کیمپ ڈیوڈ میں حوثیوں کے خلاف حملوں کے مختلف ممکنہ آپشنز پر غور کیا۔ تاہم، امریکی حکام کی جانب سے کسی حتمی فوجی فیصلے کی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ یہ پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اتحادی افواج کا حوثیوں پر حملہ، 25 افسران سمیت 73 جنگجو مارے گئے

حوثی بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا، بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیئے، سعودی فوجی اتحاد

حوثی باغیوں کے تمام جنگجو یمن کے علاقوں صنعاء، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، الحویت، تعز، اب اور الجوف میں مارے گئے

صنعاء/ریاض/انقرہ/نیویارک (آن لائن) یمن میں حوثی ملیشیا نے اپنے 73 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے جن میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں جس کے بعد ان کی تعداد 131 ہوگئی۔ ان اعلانات میں یمن کے 10 صوبوں سے تعلق رکھنے والے ہلاک شدگان شامل تھے، جن میں صنعاء، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، الحویت، تعز، اب اور الجوف شامل ہیں۔ فہرست میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد کے نام شامل تھے، جن کے عہدے اسسٹنٹ سے بریگیڈیئر تک تھے۔ ان میں 3 بریگیڈیئرز کے علاوہ متعدد کرنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پاکستانی وزیر داخلہ کا دورہ دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا، اسماعیل بقائی

تہران (آن لائن) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی وزیر داخلہ کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا۔ اسماعیل بقائی نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستانی وزیر داخلہ کے دورہ ایران سے متعلق کسی امریکی پیغام سے آگاہ نہیں۔ اس سے پہلے ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ قطری اور پاکستانی ثالثوں کے ساتھ مشاورت جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران نے امریکا سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

چیئرپرسن بی سی ایس پی ڈبلیو کرن بلوچ اسلام آباد ریلیف کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہی ہیں

روزنامہ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد
مستونگ
اُستمان

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔ 0333-7999560 فون نمبر۔ 081-2443797

عوام کیلئے پیٹرول ریلیف پروگرام

مشرقِ وسطیٰ میں جاری جنگ کے باعث عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاو اور عوام پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومتِ پاکستان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے۔ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے پیٹرول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد کم آمدنی والے اور روزانہ سفر کے لیے موٹر سائیکل، رکشہ اور دیگر چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے ممکنہ حد تک ریلیف دینا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہار کے مطابق پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے ریلیف پروگرام میں شامل افراد کو فراہم کیا جائے گا۔ اس منصوبے کو عوامی ریلیف اور موجودہ معاشی حالات میں عام شہریوں کے لیے سہولت پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی کے ذریعے روزگار کے سلسلے میں روزانہ سفر کرتے ہیں، ان کے لیے پیٹرول کے اخراجات میں کمی براہِ راست بجٹ پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے۔ اشتہار کے مطابق اس پروگرام کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان رکھا گیا ہے۔ شہری اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے موبائل فون سے مخصوص طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن کے دوران شناختی کارڈ نمبر اور متعلقہ گاڑی کی معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ اہل افراد کی تصدیق کے بعد انہیں پیٹرول ریلیف کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکومت نے موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ، لوڈر اور آٹھ سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پیٹرول ریلیف پروگرام کا مرکزی ہدف وہ شہری ہیں جن کا روزمرہ سفر اور روزگار چھوٹی گاڑیوں پر منحصر ہے۔ پاکستان میں بڑی تعداد میں شہری موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کو روزگار، کاروبار، دفاتر، دکانوں اور دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی ان کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹریشن کے لیے شہری اپنے موبائل فون سے REG لکھ کر اسپیس دیں اور اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کر کے 9771 پر ایس ایم ایس کریں۔ اس کے بعد متعلقہ طریقہ کار کے تحت گاڑی کی رجسٹریشن اور دیگر ضروری معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ رجسٹریشن کے بعد اہل افراد کو ریلیف سے متعلق معلومات موبائل پیغام کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ پیٹرول ریلیف حاصل کرنے کے طریقہ کار میں گاڑی کی رجسٹریشن بھی اہم مرحلہ ہے۔ شہریوں کو اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر اور متعلقہ معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ حکومتی نظام کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے بعد اہل شہریوں کو پیٹرول ریلیف دیا جائے گا۔ اس عمل کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ حکومتی سہولت حقیقی اور اہل افراد تک پہنچے اور اس پروگرام کا غلط استعمال نہ ہو۔ اشتہار میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 درج کی گئی ہے۔ اس لیے جو شہری اس پروگرام کے لیے اہل ہیں، انہیں مقررہ مدت کے اندر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنی چاہیے۔ رجسٹریشن کے بعد حکومتی نظام کے ذریعے تصدیق اور دیگر ضروری کارروائی مکمل ہونے پر مستحق شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ پیٹرول کی قیمت عام شہری کی زندگی میں براہِ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ پیٹرول مہنگا ہونے سے نہ صرف موٹر سائیکل یا گاڑی چلانے کا خرچ بڑھتا ہے بلکہ نقل و حمل کی لاگت میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ مزدور، چھوٹے دکاندار، طلبہ، ملازمین، ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے افراد اور دیگر شہری روزانہ سفر کے لیے پیٹرول استعمال کرتے ہیں۔ ایسے میں پیٹرول کی قیمت میں ریلیف ان کے ماہانہ اخراجات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر موٹر سائیکل چلانے والے شہریوں کی بڑی تعداد اپنے روزگار اور روزمرہ ضروریات کے لیے پیٹرول پر انحصار کرتی ہے۔ رکشہ اور چنگچی چلانے والے افراد کے لیے بھی ایندھن روزانہ کاروباری اخراجات کا ایک اہم حصہ ہے۔ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں کے مالکان بھی پیٹرول کی قیمت میں اضافے سے متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت کا موجودہ پروگرام ایسے ہی صارفین کو ریلیف دینے کی کوشش ہے۔ یہ ریلیف ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں فراہم کیا جارہا ہے۔ اس طرح پروگرام کا دائرہ وسیع رکھا گیا ہے تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے اہل شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے عوامی فلاحی پروگراموں میں شفافیت، آسان رسائی اور مستحق افراد تک بروقت سہولت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ رجسٹریشن اور تصدیق کے عمل کو سادہ رکھا جائے تاکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی بلا مشکل اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ساتھ ہی شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی معلومات فراہم کریں اور کسی غیر متعلقہ شخص کو شناختی کارڈ یا دیگر حساس معلومات دینے سے گریز کریں۔

دنیا ایک نئے خطرناک موڑ پر

دنیا اس وقت کسی ایک جنگ کا سامنا نہیں کر رہی۔ اصل خطرہ یہ ہے کہ مشرقِ وسطیٰ اور یورپ کے الگ الگ جنگی محاذ اب تیل، گیس، سمندری تجارت، دفاعی

تحریر: منیر احمد

اخراجات اور مہنگائی کے ذریعے ایک دوسرے سے جڑ رہے ہیں۔ ایک طرف ایران اور امریکہ کی کشیدگی نے آبنائے ہرمز میں معمول کی جہاز رانی کو شدید متاثر کیا ہے، دوسری طرف یمن میں حوثیوں کی اچانک پیش قدمی نے باب المندب کے گرد خطرے کو بڑھا دیا ہے۔ اسی دوران روس اور یوکرین ایک دوسرے کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا رہے ہیں اور یورپ کو دفاع، توانائی اور کمزور معاشی نمو کے تین دباؤ بیک وقت برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔

سعودی عرب: یمن کی جنگ دوبارہ دہلیز پر

گزشتہ چند برسوں میں سعودی عرب نے یمن کے محاذ کو ٹھنڈا رکھنے اور حوثیوں کے ساتھ براہِ راست بڑی جنگ سے بچنے کی کوشش کی تھی، لیکن حالیہ واقعات نے اس حکمتِ عملی کو سخت امتحان میں ڈال دیا ہے حوثی فورسز نے 2022 سے بڑی حد تک منجمد محاذوں سے نکل کر بحیرہ احمر کے ساحل پر تیزی سے پیش قدمی کی ہے۔ موخا اور حنیش جزائر سمیت باب المندب کے قریب اہم مقامات پر ان کا اثر بڑھا ہے۔ اس سے سعودی حمایت یافتہ یمنی قوتوں پر دباؤ بڑھا اور بحیرہ احمر میں طاقت کا توازن تبدیل ہونے کا خدشہ پیدا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ سعودی عرب کے اندر میزائل اور ڈرون خطرات دوبارہ نمایاں ہوئے ہیں مکہ کے جنوب میں سعودی فضائی دفاع نے ایک حوثی ڈرون تباہ کرنے کی اطلاع دی۔ سعودی مو?قف ہے کہ ڈرون ممنوعہ فضائی حدود کی طرف بڑھ رہا تھا حوثیوں نے مکہ یا مقدس مقامات کو ہدف بنانے کی تردید کی ہے حوثیوں کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ سعودی فضائیہ نے گزشتہ ایک ہفتے میں یمن کے اندر 450 سے زیادہ حملے کیے ہیں۔ انہوں نے ایک سعودی F-15 طیارہ مار گرانے کا دعویٰ بھی کیا، لیکن اس کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی اور سعودی حکام نے F-15 کے نقصان کی تصدیق نہیں کی اس لیے جنگی دعووں اور تصدیق شدہ واقعات کو الگ رکھنا ضروری ہے۔

امریکہ اور سعودی عرب، تعاون موجود، مگر حد بھی موجود

حالیہ کشیدگی کے بعد سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر کی ملاقات ہوئی امریکہ سعودی عرب کو intelligence اور targeting assistance فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، لیکن دستیاب اطلاعات کے مطابق واشنگٹن نے فی الحال سعودی عرب کی جانب سے حوثیوں کے خلاف براہِ راست امریکی فوجی کارروائی کی خواہش قبول نہیں کی یہ ایک اہم اشارہ ہے امریکہ سعودی سلامتی سے مکمل طور پر الگ نہیں ہو رہا، مگر وہ خود کو یمن میں ایک نئی بڑی زمینی یا فضائی جنگ میں پھنسانے سے بھی بچانا چاہتا دکھائی دیتا ہے۔

مزید دلچسپ بات یہ ہے کہ امریکی حکام اور حوثی نمائندوں کے درمیان عمان میں رابطے ہوئے ہیں اطلاعات کے مطابق حوثیوں نے امریکی جہاز رانی پر حملہ نہ کرنے کے سابق انتظام کو برقرار رکھنے کا اشارہ دیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ سعودی، حوثی بحران ختم ہو رہا ہے بلکہ صورت حال کچھ یوں بنتی ہے کہ واشنگٹن ایک طرف سعودی عرب کو دفاعی مدد دے رہا ہے اور دوسری طرف حوثیوں سے رابطہ رکھ کر بحیرہ احمر میں وسیع جنگ روکنے کی کوشش بھی کر رہا ہے۔

باب المندب، اصل خطرہ یہاں سے شروع ہوتا ہے

یمن کی موجودہ جنگ کو صرف یمنی خانہ جنگی سمجھنا غلط ہوگا باب المندب دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ہے خلیج اور ایشیا سے یورپ جانے والا بڑا تجارتی بہاؤ اسی راستے سے بحیرہ احمر اور پھر نہر سوئز کی طرف جاتا ہے اگر باب المندب غیر محفوظ ہوجاتا ہے تو بہت سے جہازوں کو افریقہ کے Cape of Good Hope کے گرد طویل راستہ اختیار کرنا پڑ سکتا ہے۔ جہاز رانی مہنگی ہوگی، بیمہ بڑھے گا، سفر طویل ہوگا، fuel consumption بڑھے گا، delivery times خراب ہوں گے اور بالآخر سامان کی قیمت صارف تک بڑھ سکتی ہے فی الحال باب المندب مکمل طور پر بند نہیں ہے جہاز گزر رہے ہیں یہی فرق بہت اہم ہے لیکن خطرہ اس لیے بڑھا ہے کہ حوثیوں کی زمینی پوزیشن اس strategic waterway کے قریب مضبوط ہوئی ہے۔

سعودی تیل، ہرمز کا متبادل بھی دباؤ میں

سعودی عرب کے لیے ایک اور تشویشناک مسئلہ West pipeline-East ہے تقریباً 1,200 کلومیٹر طویل یہ پائپ لائن سعودی عرب کے مشرقی تیل پیدا کرنے والے علاقوں کو بحیرہ احمر کے شہر ینبع سے ملاتی ہے۔ اس کی اہمیت اس وقت کئی گنا بڑھ جاتی ہے جب آبنائے ہرمز سے جہاز رانی متاثر ہو حالیہ ڈرون حملوں کے بعد یہ پائپ لائن بند ہوئی اور ینبع کے ذریعے بعض برآمدات متاثر ہوئیں یہ سعودی عرب کے لیے strategic warning ہے اگر ہرمز بھی محدود ہو اور اسی دوران West pipeline-East اور بحیرہ احمر کا راستہ بھی غیر محفوظ ہوجائے تو سعودی تیل کو عالمی منڈی تک پہنچانے کے متبادل محدود ہونے لگتے ہیں۔

سعودی عرب اب عمان کے قریب ship transfers-to-ship سمیت متبادل انتظامات استعمال کرکے ایشیائی خریداروں تک crude پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے یہ انتظام وقتی دباؤ کم کر سکتا ہے، لیکن مکمل اور مستقل متبادل نہیں۔

موجودہ بحران کا سب سے بڑا معاشی خطرہ آبنائے ہرمز ہے جنگ سے پہلے دنیا کے تقریباً پانچویں حصے کے crude oil اور LNG کی تجارت اس راستے سے گزرتی تھی حالیہ ship-tracking اعداد میں بعض دنوں ہرمز سے commodity vessels کی تعداد single digits تک گر گئی۔ ایک حالیہ دن صرف چار ایسے جہازوں کا گزر ریکارڈ کیا گیا، جبکہ جنگ سے پہلے روزانہ آمدورفت کہیں زیادہ تھی۔ عداد میں AIS بند رکھنے والے جہاز شامل نہ بھی ہوں، تب بھی مجموعی تصویر واضح ہے: ہرمز معمول کے مطابق کام نہیں کر رہا۔ گزشتہ ہفتوں میں متعدد بحری جہاز حملوں یا دھماکوں سے متاثر ہوئے ہیں بین الاقوامی میری ٹائم اداروں نے خطے میں درجنوں confirmed maritime incidents درج کیے ہیں، بعض واقعات میں جہازوں کو نقصان، تیل کا اخراج، ملاحوں کی ہلاکت یا لاپتا ہونے کی اطلاعات بھی ہیں یہ صورتحال shipping companies اور insurers کو

ایران، امریکہ کشیدگی اس پورے بحران کا مرکزی سیاسی عنصر ہے امریکی فوجی دباؤ؟، ایران کی جوابی کارروائیوں اور خلیجی سمندری راستوں کی غیر یقینی صورتحال نے خطے کو ایک ایسی حالت میں پہنچا دیا ہے جہاں ایک غلط اندازہ مزید وسیع تصادم پیدا کر سکتا ہے لیکن سفارت کاری مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی چین نے ایران سے ہرمز میں آزاد جہاز رانی بحال کرنے اور امریکہ و ایران دونوں سے تحمل کی اپیل کی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بیجنگ میں مذاکرات کے دوران کہا کہ ایران اپنے دفاع کے لیے تیار ہے لیکن ایسے سفارتی حل کا خیر مقدم کرے گا جس میں اس کے حقوق محفوظ ہوں یہ ایک چھوٹی مگر اہم کھڑکی ہے۔

اصل سوال یہ نہیں کہ بیانات نرم ہوئے یا سخت۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہرمز میں جہازوں کی عملی آمدورفت بحال ہوتی ہے؟ یہی سب سے قابلِ اعتماد indicator ہوگا۔ UAE، جنگ اب تیل سے آگے بڑھ چکی ہے متحدہ عرب امارات کے لیے مسئلہ صرف ہرمز یا تیل نہیں رہا حالیہ حملوں کے بعد UAE میں critical infrastructure کی vulnerability پر نئے سرے سے غور شروع ہوا ہے۔ بڑے AI اور centre -data منصوبوں میں underground facilities، resistant -blast construction اور مختلف مقامات پر infrastructure تقسیم کرنے جیسے اقدامات زیرِ غور ہیں یہ تبدیلی بہت اہم ہے۔ خلیج گزشتہ ایک دہائی میں تیل کے ساتھ aviation،tourism،finance، data اور AI ،logistics infrastructure کا عالمی مرکز بننے کی کوشش کر رہا تھا اگر security risk مستقل طور پر بڑھتا ہے تو جنگ کی قیمت صرف فوجی بجٹ میں نہیں آئے گی۔ ی متاثر ہوسکتے ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ کے بحران کا سب سے فوری عالمی اثر تیل میں نظر آرہا ہے Brent crude ایک مرحلے پر 107 ڈالر فی بیرل سے اوپر رہا، اگرچہ سعودی متبادل supplies کی اطلاعات کے بعد قیمت میں کچھ کمی بھی آئی اہم نکتہ کسی ایک دن کی قیمت نہیں بلکہ یہ ہے۔

فیڈرل کورٹ کی ہر عدالت پر برتری

وفاقی آئینی عدالت نے منگل کے روز سزا یافتہ قیدیوں کے علاج کے حوالے سے سپریم کورٹ کے بجائے بذاتِ خود غور کا جو فیصلہ سنایا اس نے سوشل میڈیا پر چھائے کئی ''ذہن سازوں'' کو حیران

تحریر: نصرت جاوید

و پریشان کر دیا۔ لوگوں میں یہ تاثر پھیلانے کی کوشش کی کہ مذکورہ فیصلے نے سپریم کورٹ کو وفاقی آئینی عدالت کی ''ماتحت عدالت'' میں بدل دیا ہے۔ ''یک دم'' ہوئے فیصلے پر یوں ماتم کنائی کی گنجائش نکال لی گئی۔ سزا یافتہ قیدیوں کے علاج کا معاملہ اگر بانی تحریک انصاف کو نجی ہسپتال منتقل کرنے کے حوالے سے زیر بحث نہ ہوتا تو ''خبروں'' کے قارئین و ناظرین کی اکثریت شاید آج بھی سپریم کورٹ آف پاکستان کو ملک کی سب سے بڑی عدالت تصور کر رہی ہوتی۔ تلخ حقیقت مگر یہ ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی کئی حوالوں ں سے پاکستان کی دیگر عدالتوں پر برتری آئین کی 27 ویں ترمیم منظور کرتے ہوئے طے کر دی گئی تھی۔ مجھ سمیت تقریباً ہر صحافی خلق خدا کو لیکن مذکورہ حقیقت سے خاطر خواہ انداز میں آگاہ کرنے میں ناکام رہا۔ اپنی کوتاہیوں کا اعتراف کرنے کی جرات سے ہم محروم ہو چکے ہیں۔

سپریم کورٹ کے تین عزت مآب ججوں پر مشتمل بنچ نے 18 اگست 2026ء کے دن تحریری حکم کے ذریعے یہ حکم صادر کیا تھا کہ عمران خان صاحب کو ان کے خاندان کی خواہش کے مطابق اسلام آباد کے ایک نجی ہسپتال منتقل کر دیا جائے۔ جس منتقلی کا حکم ہوا اس کا مجھ جیسے قانون کی باریکیوں سے نابلد افراد کی نگاہ میں اطلاق کم از کم 16 ستمبر کی 2026ء تک لازمی تھا۔ یہ وہ دن تھا جب سپریم کورٹ نے سابق وزیر اعظم کے طبی معاملات کے حوالے سے اپنے روبرو پیش ہوئی درخواست کی سماعت جاری رکھنا تھی۔

قانون کی نزاکتوں سے نابلد ہوتے ہوئے مذکورہ فیصلے سے میں ذاتی طور پر خوش بھی ہوا۔ بانی تحریک انصاف کی سیاست کا دیرینہ ناقد ہونے کے باوجود دیانتداری سے محسوس کیا کہ سابق وزیر اعظم کی ہسپتال منتقلی پاکستان میں سیاسی کشیدگی و تناؤ میں کمی لانے کی راہ بنا سکتی ہے۔ صحافت کو بطور پیشہ مگر انٹرنیٹ کی ایجاد سے قبل اپنایا تھا۔ اس دور میں صحافی اپنی رائے بنانے میں کافی وقت لگایا کرتے تھے۔ عدالتی فیصلوں پر تبصرہ آرائی سے قبل تحریری فیصلے کو بغور پڑھنا لازمی تھا۔ نہایت توجہ کی بدولت اخذ کئے نتائج کی تصدیق یا تردید کے لئے چند وکلاء سے رابطہ کر کے ذہن صاف کرنے کی کوشش بھی ہوتی۔ تحریری فیصلہ بغور پڑھنے اور وکلاء کی رائے جاننے کے بعد لکھی خبر مگر جب ہمارے سینئرز کے روبرو رکھی جاتی تو وہ اپنی میز پر طلب کر کے مجھ جیسے اتائیوں کے اخذ کردہ نتائج کے نیچے سرخ لکیریں لگا کر شرمسار کر دیتے۔ دورِ حاضر کی صحافت ایڈیٹر کی نگہبانی سے کامل آزاد ہے۔ اب عقل کل بنے ہم اپنی رائے کو ''بریکنگ نیوز'' کی صورت سوشل میڈیا کے پلیٹ فارموں کے ذریعے پیش کر کے داد و تحسین سمیت لیتے ہیں۔ ماقبل انٹرنیٹ صحافت کے عادی ہونے کی وجہ سے میں نے 18 اگست کی سہ پہر جاری ہوئے فیصلے کو تین سے زیادہ مرتبہ غور سے پڑھا تھا۔ تیسری بار یہ خیال کوندا کہ اگر مذکورہ فیصلے پر ہو بہو عمل ہو گیا تو جیل میں مقید سنگین الزامات کے تحت سزا یافتہ ہوئے دیگر قیدی بھی اپنے لئے بھی ایسی سہولتوں کا تقاضا کر سکتے ہیں جو بانی تحریک انصاف کو فراہم کرنے کا حکم ہوا ہے۔ جو خیال ذہن میں آیا اس کا ٹی وی شو میں اظہار کر دیا۔ عجب اتفاق یہ بھی ہوا کہ چند ہی دن بعد اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے عدالت سے رجوع کرتے ہوئے اپنے لئے تقریباً ویسی ہی سہولتوں کا تقاضا کیا جو عمران خان صاحب کو فراہم کرنے کا حکم ہوا تھا۔

مذکورہ درخواستوں کے پیش ہونے کی وجہ سرکار کی تھپکی ہو سکتی ہے۔ ممکنہ تھپکی کی تصدیق یا تردید مگر میرے لئے ممکن نہیں۔ حکومت نے ویسے بھی عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کے بجائے چند گھنٹوں کے لئے سرکاری طور پر چلائے پمز بھجوایا تھا۔ طبی معائنے کے بعد انہیں جیل بھیج دیا گیا۔ حکومت کے اس رویے کو عمران خان کی ایک ہمشیرہ نے توہین عدالت تصور کرتے ہوئے سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا۔ اس درخواست پر سماعت 16 ستمبر کو متوقع تھی اور میں یہ کالم اس تاریخ کی صبح اٹھتے ہی لکھ رہا ہوں۔ مذکورہ درخواست میں کیا ہوگا؟ اس سوال کا جواب دے نہیں سکتا۔ فی الوقت اہم بات یہ ہے کہ اپنے لئے عمران خان جیسی رعایتیں طلب کرنے والے قیدیوں کی درخواست ہائی کورٹ نے مسترد کر دی تھی۔ اس کے خلاف انہوں نے وفاقی آئینی عدالت (سپریم کورٹ نہیں) کے روبرو اپیل دائر کی۔ وفاقی آئینی عدالت نے اسے قابل سماعت گردانتے ہوئے اٹارنی جنرل کو طلب کیا اور منگل کی سہ پہر ایک عبوری حکم جاری کر دیا جس نے عاشقان عمران کے دل دکھا دئے۔ ان کا دکھ میرے لئے قابل احترام ہے۔ اقتدار کا کھیل مگر نہایت سفاکانہ ہوتا ہے۔ انصاف کی دیوی کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوتی ہے اور مقبول سیاستدانوں کے مداحین سے داد و تحسین کے حصول کیلئے ماتم کنائی کی مجھے عادت نہیں۔ بطور صحافی خود تنقیدی سے جند چھڑانے کے مگر قابل نہیں ہوں۔ جس دن اڈیالہ جیل میں قید تین قیدیوں نے عمران خان کے لئے حکم ہوئی سہولتوں والی اپیل ہائی کورٹ سے مسترد ہونے کے خلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا تو مجھے آئین کی 27 ویں ترمیم یاد آگئی تھی۔ 2024ء کے انتخابی نتائج آجانے کے بعد قائم ہوئے بندوبست حکومت نے نہایت تیاری سے مذکورہ ترمیم تیار کرنے کے بعد اسے ریاستی دبدبے اور دھونس کا ہر حربہ استعمال کرتے ہوئے پارلیمان کے دونوں ایوانوں سے دو تہائی اکثریت کے ساتھ منظور کروایا تھا۔ 27 ویں ترمیم کے لئے منظور ہوجانے کے بعد آئین کا آرٹیکل 189 ملک کی ہر عدالت (بشمول سپریم کورٹ) کے لئے وفاقی آئینی عدالت کے دئے ہر فیصلے پر عملدرآمد لازمی قرار دیتا ہے۔ مختصر الفاظ میں یہ یوں کہہ لیں کہ وفاقی آئینی عدالت کی سپریم کورٹ پر ''برتری'' نظر بظاہر منگل کی سہ پہر طے نہیں ہوئی ہے۔ غالباً یہ ''سانحہ'' آئین کی 27 ویں ترمیم منظور کرتے وقت ہی رونما ہو چکا تھا۔ ہم صحافی مگر قوم کو اس کے بارے میں بروقت آگاہ کرنے میں ناکام رہے۔

لاہور میں سہیل آفریدی کی ''پذیرائی''

آگاہ رہنے کی لت نیند سے بوجھل آنکھوں کو بھی بتیاں بجھانے سے قبل سوشل میڈیا کا پھیرا لگانے کو مجبور کرتی ہے۔ پیر کی رات اس کوچے میں گیا تو میرے ایکس اکاؤنٹ پر خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ کی تصاویر کا انبار تھا۔ تحریک انصاف کے ایک کارکن کی پولیس کی مبینہ زیادتی کی وجہ سے ہلاکت کا پرسہ دینے وہ لاہور گئے ہوئے تھے۔ مقامی پولیس کے ''حفاظتی اقدامات'' کے سائے میں گھومنے سے انکار کر دیا۔ ایک دو مقامات پر ان سے الجھے بھی۔ رات نو بجے کے قریب افواہ یہ پھیلی کہ پولیس نے انہیں گرفتار کر لیا ہے۔ بعد ازاں وضاحت آئی کہ ان کے ہمراہ چلنے کو مصر چند کارکنان کو پولیس نے حراست میں لے لیا تھا۔ وہ ان کی رہائی کو مصر رہے۔ پولیس نے انکار کیا تو از خود قیدیوں کے لئے مختص وین میں گھس گئے۔ اس کے ڈرائیور نے گاڑی چلا دی تو نظر بظاہر چند لمحوں بعد ''دریافت'' کیا کہ سہیل آفریدی بھی ڈالے کے عقبی حصے میں موجود ہیں۔ انہیں شہر کے ایک اور مقام پر منت سماجت کے بعد وین سے اتار دیا گیا۔ اصل واقعہ کیا ہے اس کی تفصیلات رپورٹنگ کے روایتی تقاضوں کے مطابق کہیں بیان نہ ہوئی تھیں۔ بارہا دو ویڈیوز ہی ایکس پر اپ لوڈ ہوتی رہیں۔ ایک میں ان کے ''حراست'' میں لئے جانے کی کہانی نشر ہو رہی تھی۔ دوسری تحریک انصاف کے حامی نہیں بلکہ مخالفین نہایت فخر و انبساط سے پوسٹ کر رہے تھے۔ اس ویڈیو میں جواں سال وزیر اعلیٰ لاہور کے ایک مشہور چوک کے قریب سڑک کے کنارے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ٹریفک مگر انہیں نظر انداز کرتے ہوئے رواں دواں ہے۔ تحریک انصاف کے مخالفین کی جانب سے اس ویڈیو کو مسلسل پوسٹ کرنے کا مقصد یہ پیغام اجاگر کرنا تھا کہ زندہ دلانِ لاہور نے تحریک انصاف کی ''انتشاری اور فسادی سیاست'' کو رد کر دیا ہے۔ میڈیا میں پاکستان کی مقبول ترین جماعت مشہور ہوئی تحریک انصاف کے وزیر اعلیٰ کو اسی باعث لاہور کا کوئی رہائشی پہچانتے ہوئے بھی نظر انداز کرتے ہوئے گزر گیا۔ ان کے گرد جمع ہو کر یکجہتی کے اظہار سے گریز کو ترجیح دیتا رہا ہے۔

اس کالم کے دیرینہ قاری بخوبی جانتے ہیں کہ یہ خاکسار تحریک انصاف کی سیاست کا اس کی مقبولیت کے انتہائی زمانوں میں بھی مداح نہیں رہا۔ اپنے تحفظات کا اظہار ڈٹ کر بیان کرتا رہا ہوں۔ اس کے نتیجے میں سوشل میڈیا پر چھائے عاشقان عمران کی پھیلائی تہمتوں سے ذات پر بے تحاشہ دھبے بھی برداشت کئے۔ 2018ء کے انتخابات کے بعد عمران حکومت کے دور میں اپنی گستاخیوں کی سزا بھی بھگتی۔ سچی بات مگر یہ ہے کہ اپنے آبائی شہر لاہور میں خیبر پختونخواہ کے جواں سال وزیر اعلیٰ کو سڑک کنارے بے بسی کی حالت میں بیٹھا دیکھ کر مجھے افسوس ہوا۔

ہم اپنا گھر کیسے بچائیں؟

دنیا کے حالات دیکھیں تو یوں لگتا ہے جیسے ہر طرف کسی نہ کسی نے ماچس کی ڈبیا اٹھا رکھی ہے کہیں میزائل چل رہے ہیں، کہیں ڈرون اڑ رہے ہیں، کہیں تیل کے جہاز راستہ بدل رہے ہیں، کہیں بڑی طاقتیں

تحریر: محمد اکرم چوہدری

ایک دوسرے کو دھمکیاں دے رہی ہیں ہر ملک اپنی طاقت دکھانے میں مصروف ہے اور عام آدمی خاموشی سے سوچ رہا ہے کہ بھائی، اس سارے جھگڑے میں میرا قصور کیا ہے؟ پاکستانی کا مسئلہ تو اور بھی سادہ ہے اسے نہ کسی سمندر پر قبضہ کرنا ہے، نہ کسی ملک کی حکومت بدلنی ہے، نہ دنیا کی قیادت سنبھالنی ہے۔ اسے صبح دفتر پہنچنا ہے، بچوں کی فیس دینی ہے، بجلی کا بل جمع کرانا ہے، موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوانا ہے اور رات کو گھر آتے ہوئے سبزی بھی خریدنی ہے لیکن دنیا کا ہر بڑا جھگڑا آخر کار اس کے دروازے پر دستک دے دیتا ہے۔ کبھی پٹرول کی قیمت بن کر، کبھی مہنگی بجلی بن کر، کبھی ڈالر بن کر اور کبھی آٹے، دال اور دوائی کی قیمت بن کر۔ اس لیے آج اصل سوال یہ نہیں کہ دنیا میں کون جیت رہا ہے اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان اپنے لوگوں کو کیسے بچائے؟ سب سے پہلے ہمیں یہ پرانی عادت چھوڑنی ہوگی کہ مصیبت دروازے پر پہنچے تو اجلاس بلاؤ؟۔ گھر چلانے والی ایک عام عورت بھی حکومت سے زیادہ منصوبہ بندی کرتی ہے۔ اسے معلوم ہو کہ اگلے مہینے آمدنی کم ہونے والی ہے تو وہ آج سے خرچ سنبھالنا شروع کر دیتی ہے شادی آ گئے ہو تو پیسے پہلے جمع کرتی ہے گندم سستی مل رہی ہو تو کچھ زیادہ رکھ لیتی ہے۔ ملک بھی آخر ایک بڑا گھر ہی ہوتا ہے دنیا میں تیل کی رسد خطرے میں ہو تو ہمیں اس وقت سوچنا چاہیے جب پٹرول پمپوں پر قطاریں نہیں لگی ہوتیں متبادل راستے، اضافی ذخائر اور دوست ملکوں سے پیشگی انتظام اسی وقت کام آتے ہیں جب مشکل آنے سے پہلے کیے جائیں دوسری بات یہ کہ ہر بحران کا بل عوام کو پکڑا دینا آسان ترین حل ہے تیل مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو، ڈالر مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو۔ بجلی کا خرچ بڑھا، بل بڑھا دو۔ یوں تو محلے کی دکان بھی چل سکتی ہے، ملک نہیں۔

حکومت کا اصل امتحان ہی یہ ہوتا ہے کہ باہر سے آنے والے جھٹکے کا کتنا حصہ وہ اپنی بہتر حکمتِ عملی سے برداشت کرتی ہے اور کتنا عوام تک پہنچنے دیتی ہے اور اگر قربانی ضروری ہو تو پھر قربانی بھی سب کی ہونی چاہیے یہ عجیب حساب ہے کہ مشکل وقت آئے تو موٹر سائیکل والے سے کہا جائے پٹرول بچاؤ؟، پنکھا چلانے والے سے کہا جائے بجلی بچاؤ؟، دال خریدنے والے سے کہا جائے صبر کرو لیکن سرکاری شان و شوکت ویسی ہی رہے۔

قومی قربانی کا مطلب یہ نہیں کہ غریب اپنی روٹی آدھی کر دے قومی قربانی کا مطلب ہے کہ سب سے پہلے ریاست اپنا خرچ دیکھے تیسری ضرورت سفارت کاری ہے پاکستان کی سب سے بڑی طاقت میزائل نہیں، اس کی جغرافیائی حیثیت اور اس کے تعلقات ہیں ہمارے تعلقات عرب دنیا سے بھی ہیں، ایران سے بھی، چین سے بھی، امریکہ اور مغرب سے بھی۔ ایسے وقت میں سمجھدار ملک جنگ میں فریق بننے سے پہلے سو مرتبہ سوچتا ہے، لیکن امن میں فریق بننے کا موقع کبھی نہیں چھوڑتا ہمیں کسی کے مورچے میں کھڑے ہونے سے زیادہ میز کے درمیان بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ جنگ میں بہادری صرف گولی چلانے کا نام نہیں کبھی کبھی سب سے بڑی بہادری گولی رکوانا ہوتی ہے چوتھی اور شاید سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کو اپنی توانائی کی غلامی کم کرنا ہوگی ہم کب تک دنیا کے کسی سمندر میں کشتی رکنے پر اپنے پٹرول پمپ کی قیمت بدلتے رہیں گے؟

ہمارے پاس سورج ہے، ہوا ہے، پانی ہے، کوئلہ ہے، زراعت ہے اور کروڑوں ذہین نوجوان ہیں۔ لیکن ہم نے برسوں سے اپنی توانائی کی تقدیر دوسروں کے تیل کے کنوو?ں سے باندھ رکھی ہے گھر میں سورج مفت چمک رہا ہو اور ہم روشنی کے لیے ادھار کا تیل خریدتے رہیں تو غلطی سورج کی نہیں ہوتی اور آخر میں ایک بات عوام سے بھی۔

ہم اکثر سمجھتے ہیں کہ ملک صرف حکومت چلاتی ہے ایسا نہیں ملک دکاندار بھی چلاتا ہے، استاد بھی، مزدور بھی، صنعت کار بھی، صحافی بھی اور وہ شہری بھی جو مشکل وقت میں ناجائز منافع کمانے کے بجائے دوسرے شہری کا خیال رکھتا ہے۔ بحران میں ذخیرہ اندوزی بھی ملک دشمنی کی ایک شکل ہے مصیبت میں قیمت دوگنی کر دینا کاروباری ذہانت نہیں، بے حسی ہے۔ پاکستان پہلے بھی مشکل وقت دیکھ چکا ہے ہم نے جنگیں دیکھی ہیں، پابندیاں دیکھی ہیں، زلزلے دیکھے ہیں، سیلاب دیکھے ہیں، دہشت گردی دیکھی ہے اور معاشی بحران بھی۔ ہماری سب سے بڑی کمزوری یہ نہیں کہ ہمارے پاس وسائل کم ہیں ہماری بڑی کمزوری یہ ہے کہ ہم اکثر بحران آنے کے بعد عقل مند ہوتے ہیں اس مرتبہ دنیا ہمیں پہلے سے خبردار کر رہی ہے دور کہیں دھواں اٹھ رہا ہے سمندر بے چین ہیں تیل کے راستے غیر یقینی ہیں بڑی طاقتیں آمنے سامنے ہیں اب فیصلہ ہمارا ہے ہم ہمیشہ کی طرح آگ اپنے صحن تک پہنچنے کا انتظار کریں گے، یا آج ہی پانی کی بالٹی بھر کر رکھیں گے؟ قومیں صرف جنگ جیت کر بڑی نہیں ہوتیں، کبھی کبھی سب سے کامیاب قوم وہ ہوتی ہے جو دوسروں کی جنگ سے اپنے لوگوں کو بچالے۔

لایعنی مطالبہ

جماعت اسلامی نے وہ ریلیف پیکج مسترد کر دیا ہے جو جماعت ہی کے مطالبے پر شہباز حکومت نے چھوٹی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں کو پٹرول کی مد میں دیا تھا۔

مسترد کرنے میں عجیب بات یہ ہے کہ جماعت نے پیکج کو سمجھے بغیر ہی مسترد کر دیا۔ ابھی تک ملک بھر میں کسی کو بھی یہ پیکج سمجھ میں

تحریر: عبداللہ طارق سہیل

نہیں آیا، پھر اسے کیوں مسترد کر دیا۔ ابھی تو بہت کچھ تفصیل باقی ہے۔ یعنی کہ یہ ریلیف ملے گا کیسے۔ شناختی کارڈ تو چلئے سادہ بات ہے لیکن رجسٹریشن کے نام پر بہت سے جھنجھٹ ڈال دیئے گئے ہیں کہ لگتا ہے، ریلیف کسی کو ملے گا ہی نہیں، کاغذی بات کاغذ پر ہی رہے گی، ویسے ہی جیسے اکثر گھر کی بات گھر ہی میں رکھی جاتی ہے۔ اس پیکج کو فی الحال گھر کی بات ہی سمجھئے۔ یعنی یہاں ایک اور مقام حیرت بھی پیدا ہو گیا کہ جو ریلیف کسی کو ملنا ہی نہیں ہے، اسے جماعت نے کیونکر مسترد کر دیا۔ مسترد تو وہ شے کی جاتی ہے جو دی جا رہی ہو۔

ریلیف البتہ پر ہسپتال سانحے کے ذمہ داروں کو مل گیا۔ تحقیقاتی کمیٹی نے غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کے بعد رپورٹ جاری کر دی کہ اس سانحے میں کوئی قصوروار نہیں۔ سب ذمہ دار گویا ''معصوم'' قرار پائے۔

انوکھا کچھ بھی نہیں۔ سب کو پتہ تھا سب بری ہو جائیں گے۔ معاملہ ''ایلیٹ'' کلاس کا، لاڈلے افسروں کا ہو تو چاہے عدالت ہو یا تحقیقاتی کمشن، بریت کے علاوہ کچھ برآمد نہیں ہوتا۔

تحقیقات کرنے والوں کی اس فراخدلی پر البتہ داد دینا بنتی ہے کہ انہوں نے جل مرنے والے بچوں اور ان کے والدین کو سانحے کا ذمہ دار قرار نہیں دیا۔

بالکل فطری امر ہے کہ اس طرح کے معاملات میں ''نتائج'' کا پہلے ہی سے علم ہو جاتا ہے۔ یہ سسٹم کا ''حسن'' نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ ایک تازہ مثال اس کی اور بھی ہے۔ دو سال پہلے، اگست 2024ء میں ''نتاشا'' نامی خاتون نے نشے میں دھت ہو کر اپنی لگژری گاڑی سے ایک نوعمر لڑکی اور اس کے والد کو قتل کر دیا تھا۔ میڈیا پر بہت شور اٹھا تو ''مجبوراً'' پولیس کو اسے گرفتار کرنا پڑا۔ قاتلہ نے گرفتاری کے دوران سب کو گالیاں دیں اور ''وکٹری'' کا نشان بنایا۔ اسے پتہ تھا حتمی نتیجہ کیا ہوگا۔ چنانچہ ''سسٹم'' نے گزشتہ ہفتہ اعلان کر دیا کہ موصوفہ نے نہ کسی کو مارا، نہ اس نے نشہ کیا۔ باعزت بری!

اسلام آباد میں ایک صاحبزادی نے دو نوعمر محنت کش، ایک اور صاحبزادے نے دو نوعمر بچیاں قتل کر دیں۔ سسٹم کی خوبی دیکھئے، مقدمہ چلنے کی نوبت ہی نہیں آئی، قانونی کارروائی سے پہلے ہی دونوں صاف، باعزت بری۔

سسٹماتی مقتدرین میں سے کسی نے کسی بھی مقتول کے لواحقین سے ہمدردی کے دو تو کیا، آدھا بول بھی نہ کہا۔

لاہور میں کچھ عرصہ قبل ''فوڈ سٹریٹ'' نے شہرت پائی تھی اتنے، برسوں بعد سٹریٹ کی موومنٹ کا شور ہے۔ یہ دوسری قسم کی سٹریٹ کے پی کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی عرف ''مغویہ'' کی مرہون منت ہے۔ ''مغویہ'' والا قصہ کل بیان ہو چکا ہے، جن اصحاب نے نہیں پڑھا، ان کیلئے مکرر عرض ہے کہ موصوف پھدک کر ایک خالی پولیس وین پر سوار ہو گئے اور پھر غل مچا دیا کہ خوچا، ام اغوا ہو گئی اے۔ ایک صحافی نے سوال کیا، اغوا کیسا، آپ خود وین میں گھسے ہو تو بولے، خوچا تم بے غیرت اے۔ ام کو پنجاب پولیس اغوا کر چکا ہے۔

سٹریٹ موومنٹ کا اردو ترجمہ کیا ہوگا؟ گلی کی حرکت؟ یعنی حرکت کرنے والی گلی۔ مزے دار بات ہے لیکن ''مغویہ'' کسی گلی میں تو گئی ہی نہیں، بڑی بڑی سڑکوں پر البتہ ان کی حرکات و سکنات سب نے دیکھیں۔ وہ اتنی بڑی بڑی چوڑی اور کشادہ سڑکوں کو گلی کہنے پر کیوں مصر ہیں۔ شاید اس لئے کہ پختونخواہ کی سڑکیں اتنی کشادہ، اتنی کھلی، اتنی فراخ ہیں کہ انہیں لاہور کی مال روڈ اور سرکلر روڈ ان کے مقابلے میں ''گلیاں'' لگتی ہیں۔ سنا ہے، پشاور کی ہر سڑک پیرس کے شانزہ لیزا کو شرماتی ہے اور دہلی کی 14 لین والی سڑک میرٹھ ایکسپریس وے کو نیچا دکھاتی ہے۔

کسی نے مطالبہ کیا ہے کہ ملتان سکھر موٹروے کی تعمیر کی طرف توجہ دی جائے۔

کیوں توجہ دی جائے بھائی؟۔ کیوں نہ اس کے بجائے ملتان سکھر موٹروے کو بھی بند کر دیا جائے؟۔ نواز شریف نے اگر یہ غلطی کر ہی دی تھی کہ موٹروے کو پنجاب سے نکال کر سندھ لے جایا جائے تو اس کا مطلب یہ کہاں سے نکل آتا ہے کہ ان کے جانشین اس غلطی پر مستزاد غلطی کر کے اسے حیدرآباد تک لے جائیں۔ نواز شریف اگر یہ چاہتے تھے کہ سارے صوبے موٹروے کی نیٹ ورکنگ میں لے لیے جائیں تاکہ ترقی کی رفتار بڑھے اور عوام کو روزگار ملے اور ان کیلئے آسانیاں پیدا ہوں تو یہ ان کی ''فکری غلطی'' تھی۔ جس پر انہیں قرار واقعی سزا مل چکی۔ اب معقول لوگوں کی حکومت ہے جو ''خلاف اشراف'' حرکت کا سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس طرح کے لایعنی مطالبات کرنے والوں کیخلاف قانونی کارروائی کا بندوبست ضرور ہونا چاہیے تاکہ ملک انتشار کا شکار نہ ہو۔

''آم اغوا ہو گئی اے''

اس خواہش کا ایک ہی مطلب تھا کہ شمالی آئرلینڈ جو یو کے کا حصہ ہے، الگ ہو کے آئرلینڈ کے ساتھ ضم ہو جائے۔ آئرلینڈ نام کا ملک اسی نام کے جزیرے کے بیشتر حصے پر قائم ہے جبکہ اس

تحریر: پروفیسر محمد اسحاق

جزیرے کا چھوٹا سا شمال مشرقی کونہ یو کے میں شامل ہے۔ گویا سیدھے سادے معنوں میں ٹرمپ چاہتے تھے کہ یو کے کے چار یونٹوں میں سے ایک کم ہو جائے۔

یو کے کو عرف عام میں برطانیہ یا برٹین کہا جاتا ہے گویا یہ اس ملک ہی کا دوسرا نام ہے حالانکہ اس نام کا دنیا میں کوئی ملک نہیں۔ نہ تو اقوام متحدہ کی فہرست میں، نہ کسی دوسری فہرست میں ایسا کوئی ملک موجود ہے۔ برطانیہ دراصل ایک جزیرے کا نام ہے جس میں انگلینڈ، ویلز اور سکاٹ لینڈ شامل ہیں۔ ان تینوں اکائیوں نے آئرلینڈ کی اکائی کو ملا کر سلطنت متحدہ (یو کے) قائم کی تھی۔ کچھ عرصے بعد آئرلینڈ کا بڑا حصہ، کیتھولک مذہب کی اکثریت ہونے کی وجہ سے یو کے سے الگ ہو گیا کیونکہ مجموعی طور پر اس ملک میں پروٹسٹنٹ مذہب کی اکثریت تھی۔ گویا ایک طرح کا دو قومی نظریہ رنگ دکھا گیا۔

ٹرمپ کے بیان کے دو تین روز بعد اس سے بھی بڑی خبر آ گئی۔ یہ کہ شمالی آئرلینڈ، سکاٹ لینڈ اور ویلز کے سیاسی رہنما ویلز کے دارالحکومت کارڈف میں اکٹھے ہوئے اور ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کر کے یو کے سے علیحدگی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریفرنڈم کرایا جائے۔ ہمارے ہاں تو خبر ہی نہیں ہوئی کہ حالیہ انتخابات میں ان تینوں یونٹوں میں ''علیحدگی پسند'' جماعتوں کی حکومت آ چکی ہے۔ یعنی ریفرنڈم اور اس کے بعد آزادی کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔

اگر ایسا ہو جاتا ہے اور جیسا کہ خبر آئی، برطانیہ کے وزیر اعظم کیئر سٹارمر سے یہ فقرہ منسوب کیا گیا کہ شاید وہ ''یو کے'' کے آخری وزیر اعظم ہوں گے، تو یو کے سمٹ کر انگلینڈ تک محدود ہو جائے گا۔ سلطنت متحدہ (یو کے) جس نے دنیا کے چاروں کونوں پر حکومت کی تھی، اس کے اپنے چاروں کونے سمٹ کر ایک ایسی چھوٹی سی مستطیل بن جائیں گے جو شمالاً جنوباً 400 اور شرقاً غرباً 300 میل لمبی ہو گی۔ ایک دلچسپ بات اور بھی ہو گی۔ یو کے کرکٹ نامی کھیل کی جنم بھومی ہے۔ یہاں کے لوگ کرکٹ کے، شاید دنیا بھر میں، سب سے زیادہ دیوانے ہیں لیکن کیسی ستم ظریفی ہے کہ اس ملک کی کوئی قومی کرکٹ ٹیم ہی نہیں ہے۔ جی ہاں، یو کے کی کوئی کرکٹ ٹیم نہیں۔ جو ٹیم ہے، وہ انگلستان سے منسوب ہے، یعنی ''وفاق'' کے محض ایک یونٹ کی ٹیم۔ جیسے پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کو پنجاب کرکٹ ٹیم یا سندھ کرکٹ ٹیم کا نام دے دیا جائے۔

مذکورہ ''ممالک'' کی علیحدگی کے بعد انگلینڈ ایک یونٹ سے بدل کر ایک ملک بن جائے گا، اور یوں اس کی کرکٹ ٹیم آپ ہی آپ قومی کرکٹ ٹیم بن جائے گی۔

یو کے کی کوئی کرکٹ ٹیم نہیں۔ مزیدار بات ہے لیکن اس سے بھی مزیدار بات یہ ہے کہ کرکٹ کی ایک عالمی ٹیم ایسی بھی ہے جو کسی بھی ملک سے منسوب نہیں۔ یعنی ویسٹ انڈیز کی ٹیم۔

ویسٹ انڈیز یعنی جزائر غرب الہند کسی ملک کا نام نہیں، بہت سے جزیروں کا مجموعہ ہے جو بحیرہ کیریبین میں واقع ہیں اور یہ کئی ملکوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ بلکہ ایک جزیرہ تو ایسا ہے جس میں دو ملک ہیں۔ آدھا جزیرہ ڈومی نیکن نامی ملک پر مشتمل ہے، باقی نصف ہیٹی۔ ویسٹ انڈیز کی تنظیم ان بہت سے ''جزیرہ جاتی'' ملکوں کی مشترکہ ٹیم ہے۔ ویسٹ انڈیز کا سب سے بڑا جزیرہ کیوبا ہے لیکن وہ اس ٹیم میں شامل نہیں۔ جو ممالک مل کر ویسٹ انڈیز کی ٹیم بناتے ہیں ان کی تعداد 15 ہے۔ ان میں معروف نام ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو، بارباڈوس، ڈومی نیکن ری پبلک، گرنیاڈا، گیانا، جمیکا ہیں۔ ہمارے ہاں کئی لوگ ویسٹ انڈیز کو ملک سمجھتے ہیں۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ ممکن ہے کسی دن یہ 15 ملک مل کر متحد ہو کر ایک ہی ملک بن جائیں۔

اغوا دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اغوا بالجبر اور اغوا بالرضا۔ دوسرے قسم کے اغوا کو رضا کارانہ اغوا کا نام بھی دیا جا سکتا ہے۔ یعنی اس میں مغویہ اپنی مرضی سے اغوا کار کے ساتھ بھاگ جاتی ہے۔ اب ایک تیسری قسم بھی اغوا کی سامنے آئی ہے، جس میں مغوی بیٹھے بیٹھے دہائی مچا دیتا ہے کہ خوچا، دیکو، ام اغوا ہو گئی ہے۔ اس تیسری قسم کا پہلا اغوا لاہور میں ہوا۔ جب سہیل آفریدی لاہور کی سڑکوں پر آئے اور کافی دیر تک پر جوش عوام کا انتظار کرتے کرتے بور ہو گئے تو اغوا ہونے کی سوجھی۔ اچک کر پاس کھڑی پولیس کی خالی وین پر سوار ہو گئے اور ''ام اغوا ہو گئی، ام کو پنجاب پلس نے اغوا کر لیا''، کا شور مچا دیا۔ پاس کھڑے صحافی نے کہا کہ آپ تو میرے سامنے خود اچک کر وین میں گھسے ہوئے ہو تو ''مغویہ'' نے جواب دیا کہ تم بے غیرت ہو شاید مطلب یہ تھا کہ تم تو کبھی اغوا نہیں ہوئے، تمہیں کیا پتہ کہ غیرت کیا ہوتی ہے۔

CS CamScanner

بقیہ اُستمان 01

ہمیشہ واضح کیا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ پرامن اور سیاسی ہوگا اور مقصد آئینی و سیاسی مطالبات کے لیے پرامن جدوجہد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، ایسے میں علیمہ خان کو گرفتار کرنا یا ایم پی او کے تحت نظر بند رکھنا تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے جس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے، تمام ایسے اقدامات فوری طور پر بند کیے جائیں اور علیمہ خان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ ان کے مطابق ایسے اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا لائحہ عمل جلد دے گی۔

بقیہ اُستمان 02

سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات ونشریات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال میں عوام کے لئے خصوصی فیول ریلیف سکیم کا اجراء کیا، پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری ہے، پوری دنیا میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے، خطے میں کشیدگی کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے غریب طبقے کا احساس کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو بروقت ہدایات جاری کیں، وزیراعظم نے خصوصی ریلیف سکیم کی ہر مرحلے پر خود نگرانی کی۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے کامیابی سے مکمل کیا گیا، وزیراعظم کو عوام کی فلاح و بہبود کا خصوصی خیال ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے 15 سال کی بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑیوں کو بھی سکیم کا حصہ بنایا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکل، رکشے، چنگ چی سکیم میں رجسٹریشن کے لئے اہل ہو گئے ہیں، سکیم میں اندراج کے لئے ایس ایم ایس بھی فری کر دیا گیا ہے، ایک ٹوکن پر پانچ لیٹر پٹرول کی حد کو ختم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبائی حکومتوں بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان کی حکومتوں نے سکیم پر عمل درآمد کے لئے بھرپور کردار ادا کیا، موٹر سائیکل، چنگ چی یا رکشہ استعمال کرنے والوں کو مہینے میں چار ٹوکن ملیں گے، 800 سی سی تک کی گاڑیوں کو ہر دس دن بعد 10 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 03

دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت ردعمل کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمدورفت متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیا۔ وزیراعلیٰ نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی کے ذریعے عوام اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ اُستمان 04

استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر ملک کی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی ہوئی ہے، اخراجات کو کم کیا جا رہا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ کا رجحان ہے، برآمدات کا شعبہ بھی درست سمت میں گامزن ہے، پاکستان سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، بدقسمتی سے مشرق وسطی کی صورتحال سے سب متاثر ہو رہے ہیں، امید ہے معاشی ترقی کے سفر میں مزید بہتری آئے گی، احتجاج، دھرنے اور ہڑتالیں مسائل کا حل نہیں، ڈائیلاگ کا راستہ ہی سب سے بہتر اور مناسب ہے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں چند حقائق عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، گزشتہ ہفتے میں ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں، قومی تاریخ میں مالیاتی خسارہ بائی سنگل ڈیجٹ سے 2.6 پر آ چکا اور آمدنی میں اضافہ ہوا ہے، ہماری پوری کوشش ہے ہم اخراجات کو کم کریں، کرنٹ اکاؤنٹ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 سال کے بعد کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس آیا، گزشتہ سال ہمارا اکاؤنٹ برابر تھا۔ وزیر خزانہ نے کہا ہماری آئی ٹی کی برآمدات میں مسلسل اضافے کا رجحان ہے، گزشتہ مالی سال میں 4.6 ارب ڈالر کی برآمدات کی گئیں اور اس سال انشاءاللہ تعالی بڑھ کے 5.5 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گی۔

بقیہ اُستمان 05

۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کیلئے باعث اعزاز ہے، پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں، اقوام متحدہ کے زیرنگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستہ کے طور پر خدمات سرانجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سال یہ عالمی دن امن میں سرمایہ کاری، سب کے لیے، ہر جگہ، ہر روز کے زیرعنوان منایا جا رہا ہے، یہ موضوع اجاگر کرتا ہے کہ امن محض جنگی تنازعات کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ اس کے حقیقی ثمرات کا اظہار عالمی اور قومی سطح پر انسانوں کی معاشی و معاشرتی آسودگی، بنیادی حقوق کے تحفظ، عزت و احترام، یکساں مواقعوں اور شمولیت سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلا امتیاز اور بلاتفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے، یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدباب سے ہی قائم کیا جاسکتا ہے، اسلامی تعلیمات اور آئین پاکستان انسانی وقار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت کے ساتھ معاشرتی امن کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے، حکومت کی پالیسیز اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں کہ تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، اقلیتوں، خصوصی افراد اور دیگر کمزور و محروم طبقات کے مساوی حقوق و فرائض کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک جامع لائحہ عمل اپنایا ہے۔

بقیہ اُستمان 06

کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب کروا لیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں برآمد کر لی گئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ضلع خاران کے لجے روڈ پر مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ کر کے ایک مزدور کو زخمی کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فتنہ الہندوستان کے حملے کا نشانہ بننے والی گاڑی میں سوار دیگر 9 مزدوروں کو بھی چوٹیں آئیں۔ سکیورٹی فورسز نے فوری موقع پر پہنچ کر متاثرہ مزدوروں کو طبی امداد فراہم کی اور انہیں مرکز صحت منتقل کیا۔ سکیورٹی فورسز سے پسپائی کے بعد فتنہ الہندوستان کا عام شہریوں اور مزدوروں کو نشانہ بنانا ان کی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہے۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے ایک بار پھر عام بلوچ عوام پر حملہ، نہتے شہریوں کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش تھی، بلوچ مزدوروں اور مسافر گاڑیوں پر حملہ ثابت کرتا ہے کہ فتنہ الہندوستان کا بلوچستان یا بلوچیت سے کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ اُستمان 07

خیبر پختونخوا سے حلف نامہ طلب نہیں کرنا چاہیے تھا، ایسا تاثر بھی نہیں دینا چاہیے کہ خیبر پختونخوا کے عوام اور پولیس آپس میں لڑ پڑیں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کی استعداد کار بڑھانے کی کوشش کی جارہی ہے، صوبے نے گزشتہ سال پولیس محکمے پر 45 ارب روپے خرچ کیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یقینی بنائیں گے کہ پولیس میں سیاسی مداخلت نہ ہو، وزیراعلیٰ کو پولیس کے اختیارات ملنے کے بعد وہ انہیں من پسند بنیادوں پر استعمال نہیں کریں گے بلکہ پولیس کی بہتری کے لیے اقدامات کریں گے۔

بقیہ اُستمان 08

لیفٹیننٹ کرنل، میجر، کیپٹن اور لیفٹیننٹ بھی شامل تھے۔ دریں اثناء سعودی فوجی اتحاد نے کہا کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اتوار کو ایک بیان میں سعودی فوجی اتحاد کے مطابق ہیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیے۔ حوثیوں نے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی۔ دوسری جانب ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان نے اپنے بیان میں کہا کہ یمنی حوثیوں کے جاری حملوں کے باعث سعودی عرب کی کچھ عسکری ضروریات ہوسکتی ہیں، ہم پاکستان کے ساتھ مکہ معاہدے کے تحت اس عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یمن میں جنگ ختم کرنے کے لیے تمام فریقین تک تجاویز پہنچا دی گئی ہیں، سعودی عرب کو امریکا ایران جنگ کا حصہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کا بحران اب معاشی طور پر ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ خاقان فیدان نے مزید کہا کہ ہم نے یوکرین اور روس کو بحیرہ اسود میں لڑائی ختم کرنے کی پیشکش بھیجی ہے۔ دریں اثناء اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتیریس نے سعودی عرب میں بنیادی ڈھانچے پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو میں گوتیریس نے بحری نقل و حمل کی آزادی کے احترام کی انتہائی اہمیت پر زور دیا جس میں آبنائے باب المندب کے راستے تجارت شامل ہے۔

بقیہ اُستمان 09

میں حکومت کی تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی مرکز اور بلوچستان میں اتحادی جماعتیں ہیں، دونوں جماعتوں کے درمیان وزارتوں یا دیگر معاملات پر کوئی بڑا اختلاف نہیں، نہ ہی ایک دوسرے پر غیرضروری دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ زرک مندوخیل کے مطابق صوبائی حکومت کے گورننس کے معاملات میں بھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بہتری لانے کی کوشش کر رہے ہیں، جبکہ تمام وزراء کو بھی اپنی ذمہ داریوں کے حوالے سے واضح ہدایات دی گئی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف بھی بلوچستان میں حالات بہتر بنانے کے لیے کوششیں کر رہے ہیں، اگر صوبے کے حالات معمول پر آتے ہیں

بقیہ اُستمان 10

مسابقتی صلاحیت سے وابستہ ہے۔ ایکسپو سنٹر لاہور میں آٹو ایکسپو شو کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملکی پیداواری ڈھانچے میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینے، صنعتی شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور نوجوانوں کو عالمی معیار کے ہنر سے آراستہ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آٹو انڈسٹری پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، تاہم اس شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت اور ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ اُستمان 11

کے شرکاء خواتین اور نوجوانوں سمیت ریلی کی صورت میں کراچی کینٹ اسٹیشن پہنچے، جہاں مارچ کی روانگی کے موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ جماعت اسلامی کراچی کے ترجمان کے مطابق دھرنا ختم کرنے کے بعد دھرنا گاہ کو مکمل طور پر صاف کر کے انتظامیہ کے حوالے کر دیا گیا، جبکہ دھرنے کے دوران سرکاری و نجی املاک کو نقصان نہیں پہنچایا گیا۔ کراچی کینٹ اسٹیشن پر مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کسی جماعت یا ذاتی مفاد کیلئے نہیں بلکہ عوام کے حقوق کیلئے ہے۔

بقیہ اُستمان 12

آمدورفت متاثر کرنے کی دہشت گردوں کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور نے کہا کہ کارروائی میں اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیاں بھی برآمد ہوئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔ شاہد رند نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور معمول کی پُرامن زندگی کے خواہاں ہیں، اور ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 13

، محمد اظہر اور حاجی سعد اللہ کاکڑ سمیت دیگر افراد کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر فہیم سالانی، کاشف لہڑی، نور بخش بنگلزئی اور علاقہ کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر علاقہ مکینوں نے نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ میں درپیش مختلف مسائل سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کو آگاہ کیا میر لیاقت لہڑی نے عوام کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ زوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں جن کی تکمیل عوام کو بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہمی میں مدد ملے گی، حلقے کے عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انہیں حل کرنے کی ہرممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ اُستمان 14

ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں بجلی حکومت خریدتی ہے اور اپنے ترسیلی نظام کے ذریعے صارفین تک پہنچاتی ہے، تاہم بجلی کی قیمت، آئی پی پیز اور واپڈا سمیت مختلف معاملات پر گزشتہ 25، 30 سال سے سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی حکومت نے گزشتہ 25، 30 سال سے زیرغور اس ارادے کو عملی شکل دینے کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ اُستمان 15

وزیراعلیٰ کو مکمل آرام کا مشورہ دیتے ہوئے گھر جانے کی اجازت دے دی۔

بقیہ اُستمان 16

مداخلت شام میں اقتدار کی عبوری منتقلی کے نازک عمل کو پٹری سے اتار سکتی ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقبل مندوب سفیر عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں شام کی صورتحال بارے خصوصی بحث کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی مسلسل عسکری سرگرمیاں اور شامی سرزمین پر موجودگی اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ شام کی خودمختاری، آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کیا جانا چاہیے، ہم شامی سرزمین میں حالیہ اسرائیلی دراندازی کی شدید مذمت کرتے ہیں بشمول کوہ حرمون میں کی جانے والی کارروائیاں، جو شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہے، اسرائیل کو شامی گولان اور دیگر مقبوضہ علاقوں سے انخلا کرنا چاہیے۔

بقیہ اُستمان 17

مباحثہ 22 سے 28 ستمبر تک جاری رہے گا۔ 22 ستمبر کو پہلے روز امریکی صدر ٹرمپ، ترک صدر رجب طیب اردوان، فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سمیت متعدد عالمی رہنما جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ پہلے روز 22 ستمبر کو صبح 9 بجے اجلاس کا آغاز ہوگا، برازیل کے صدر لوئیز اناسیو لولا دا سلوا پہلے مقرر ہوں گے جبکہ ان کے بعد امریکی صدر خطاب کریں گے۔

بقیہ اُستمان 18

سے تھری ایم پی او کے تحت ممکنہ نظر بندی اور حراست پر تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان کا شدید ردعمل سامنے آ گیا، انہوں نے علیمہ خان کی گرفتاری کو حکومت کی جانب سے کشیدگی پھیلانے کا پہلا اقدام قرار دیتے ہوئے ان کی فوری اور بلا مشروط رہائی کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر خان نے بتایا کہ عمران خان کی ہمشیرہ نورین نیازی نے فون پر علیمہ خان کی حراست کے بارے میں آگاہ کیا، پاکستان تحریک انصاف کا 27 ستمبر کا مجوزہ احتجاج اور لانگ مارچ مکمل طور پر پرامن، آئینی اور سیاسی ہوگا، پی ٹی آئی اپنے آئینی و جمہوریت پسند مطالبات کے لیے پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور کسی بھی قسم کا تشدد یا تصادم نہیں چاہتی۔

بقیہ اُستمان 19

۔صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کیخلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں این 25 پر فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے 23 مغویوں کو بازیاب کرانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے جرات و بہادری سے کارروائی کرتے ہوئے 23 شہریوں کو بحفاظت بازیاب کرایا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ اُستمان 20

نے کوئٹہ کے مختلف شادی ہالز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعدد شادی ہالز کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی، جبکہ متعلقہ کاروباری مراکز کو ٹیکس قوانین کی تعمیل اور قابلِ اطلاق تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ BRA ٹیم نے شادی ہالز کے انتظامیہ کو رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل، درست ریکارڈ رکھنے اور قانون کے مطابق واجب الادا ٹیکس کی بروقت ادائیگی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکس نظام میں شفافیت، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور صوبائی محصولات میں اضافہ یقینی بنانا ہے۔ متعلقہ کاروباری اداروں پر زور دیا گیا کہ وہ قابلِ اطلاق قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

بقیہ اُستمان 21

انٹیلی جنس، فیلڈ فارمیشنز، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈز اور دیگر اہم شعبوں میں نئی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ دستیاب رپورٹس کے مطابق میجر جنرل عادل افتخار وڑائچ کو ڈائریکٹر جنرل ملٹری انٹیلی جنس مقرر کیا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق میجر جنرل ظفر اقبال کو آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ، میجر جنرل احمد فرحان قریشی کو آئی جی ایف سی بلوچستان ویسٹ جبکہ میجر جنرل عاطف رفیق کو ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز مقرر کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ میجر جنرل لائق رفیق کو ڈی جی رینجرز سندھ کی ذمہ داری دیے جانے کی بھی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

بقیہ اُستمان 22

دی ہے۔ 24 ستمبر سے شروع ہونے والا میلہ تین روز تک جاری رہے گا۔ میلے کے موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی زیرنگرانی اور SHO اوتھل وحید علی مگسی کی ٹیم کی قیادت میں سکیورٹی کے انتہائی سخت حفاظتی انتظامات کیے جا رہے ہیں، میلے کے آغاز پر درگاہ کے خلفاکیکی جانب سے درگاہ پر چادر چڑھائی جائے گی اور ملک و قوم کی سلامتی، خوشحالی اور امن کے لیے خصوصی دعا کی جائے گی۔ میلے کے تینوں روز ملھ پہلوان اپنے فن کے جوہر دکھائیں گے۔ واضح رہے کہ درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کے سالانہ میلے میں سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سے ہزاروں عقیدت مندوں کی شرکت متوقع ہے

بقیہ اُستمان 23

مطابق واقعہ نوشکی خاران روڈ پر پیش آیا، جہاں مسلح افراد نے مبینہ طور پر ڈپٹی کمشنر خاران کی گاڑی کو روک کر انہیں اپنے ساتھ لے گئے۔ تاہم واقعے کی تاحال سرکاری طور پر تصدیق نہیں کی گئی۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور حقائق کی جانچ جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 24

81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد سے نیویارک روانہ ہو گئے جہاں وہ 25 ستمبر تک وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس اعلیٰ سطحی وفد کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔ بیان کے مطابق وزیر خارجہ اور وزیر اعظم کشمیر کے معاملے پر او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں وہ کشمیریوں کے حقوق کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کریں گے۔

بقیہ اُستمان 25

۔تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری کردہ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک خاتون چیف جسٹس کے صوبہ پنجاب میں ہوتے ہوئے خواتین کے ساتھ جو ناروا سلوک روا رکھا جا رہا ہے اور چادر و چار دیواری کا تقدس بلاکسی خوف وخطر پامال کیا جا رہا ہے، وہ معاشرتی و مذہبی روایات کے منافی ہے، لاہور سے علیمہ خان کو جس انداز میں اغوا نما گرفتاری کا نشانہ بنا کر نظر بند کیا گیا، یہ بدترین سیاسی انتقام کے سوا کچھ نہیں۔

بقیہ اُستمان 26

ممالک اور امریکا کو آگاہ کر دیا ہے اور اب امریکی ردعمل کا انتظار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی شرائط میں منجمد اثاثے جاری کرنا، تمام محاذوں پر جنگ ختم کرنا، ایران کے داخلی معاملات میں مداخلت سے باز رہنا، انقلاب مخالفین سے تعاون روکنا، ایرانی سرزمین پر کسی بھی جارحیت کا خاتمہ اور بحری ناکہ بندی اٹھانا شامل ہے۔

بقیہ اُستمان 27

گا۔ الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے محسن رضائی نے کہا کہ ایران اپنے شہید رہنما علی خامنہ ای کے فتوے کے حوالے سے اپنے مؤقف پر اب بھی قائم ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ مستقبل میں کیا ہوگا، اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ محسن رضائی نے واضح کیا کہ ایران اس وقت یہ جائزہ لے رہا ہے کہ آیا اسے این پی ٹی سے دستبردار ہونا چاہیے یا نہیں۔ ان کے مطابق اس فیصلے کا انحصار امریکا کے اقدامات اور رویے پر ہوگا۔

بقیہ اُستمان 28

توسیع تمام ٹیکس دہندگان کے لیے ہے لیکن شرط یہ ہے کہ واجب الادا سیلز ٹیکس وقت پر جمع کرایا گیا ہو، توسیع سیکشن 74 سیلز ٹیکس ایکٹ اور سیکشن 43 فیڈرل ایکسائز ایکٹ کے تحت دی گئی۔

بقیہ اُستمان 29

شیخ محمد اور نجیب اللہ کی کوئلہ کانوں کو نشانہ بنایا اور وہاں نصب 3 انجن اور 2 کمپریسر سمیت قیمتی مشینری کو جلا دیا، جس کے نتیجے میں ٹھیکیداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا۔ واقعہ کے بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 30

موجود ہے، کرائم سین یونٹ بھی طلب کرلیا ہے۔

بقیہ اُستمان 31

رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کے خلاف میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے، سعودی حکام کے مطابق ریاض کی جانب آنے والے ایک بیلسٹک میزائل کو روک لیا گیا، جبکہ حوثیوں نے سعودی دارالحکومت میں حساس تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب امریکی محکمہ خارجہ اور خطے میں قائم امریکی سفارتی مشنز نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کے لیے سکیورٹی الرٹ جاری کیا ہے، امریکی شہریوں کو ممکنہ فضائی پروازوں کی منسوخی، فضائی حدود کی بندش اور سفری رکاوٹوں کے حوالے سے محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ اُستمان 32

نہیں بتائیں۔ ہاکان فیدان نے کہا کہ یمن کے حوثیوں کے جاری حملوں کے باعث سعودی عرب کو بعض فوجی ضروریات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ان کے مطابق ترکیہ پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ ہونے والے سہ فریقی دفاعی معاہدے کے تحت ریاض کی ان ضروریات کا جائزہ لے گا۔ ترک وزیر خارجہ کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے باعث مشرق وسطیٰ میں کشیدگی برقرار ہے اور سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک بھی اس تنازع کے ممکنہ اثرات سے دوچار ہیں۔

بقیہ اُستمان 33

ترامیم پر درس دینے کے لائق نہیں رہے، لندن سے لے کر کراچی تک کی تاریخ گواہ ہے کہ کس نے شہر کا امن اور روزگار اپنے ہاتھوں سے برباد کیا۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم کے خلاف ہرزہ سرائی دراصل چھوٹے صوبوں کے حقوق پر ڈاکا ڈالنے کی ناکام کوشش ہے، مصطفیٰ کمال صرف ایک مہرہ ہیں جن کا کام وفاق کو کمزور کرنے کی بیرونی ایجنڈے کی لائن کو آگے بڑھانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے دیہی علاقوں پر مگرمچھ کے آنسو بہانے والے بتائیں کہ انہوں نے اپنے دورِ میئر میں بلدیہ ٹاؤن کے متاثرین کو کیا دیا؟ انتظامی اکائیوں کا شوشہ چھوڑ کر عوام کو تقسیم کرنے والے عناصر اب تاریخ کے کوڑے دان کا حصہ بن چکے ہیں۔

بقیہ اُستمان 34

یہ حکومت گھبرا چکی ہے آپ بہنوں کا عزم ورکرز اور قوم کو حوصلہ دیتا ہے، آپ کی اور عمران خان کی جدوجہد پاکستان میں جبر کے خلاف مزاحمت کا استعارہ ہے، آپ سختیوں کو برداشت کرتے ہوئے آئین پاکستان اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، علیمہ خان کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں اور یہ حکومت گھبرائی ہوئی ہے ان کی گرفتاری حکومت کی گھبراہٹ کو بے نقاب کرتی ہے، حکومت 27 ستمبر سے ڈرگئی ہے اس لیے گرفتاریاں کر رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 35

حملے ناکام بنا دیے۔ حوثیوں نے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی۔

بقیہ اُستمان 36

مذاکرات کے لیے اپنی شرائط ثالثوں تک پہنچا دی ہیں۔

بقیہ اُستمان 37

سہولیات کی فراہمی محکمہ مواصلات و تعمیرات کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ مواصلات و تعمیرات کا شعبہ ضلع نصیرآباد کی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے، بہتر اور پائیدار سڑکیں نہ صرف مختلف علاقوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرتی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، روزگار اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ اُستمان 38

نومنتخب کابینہ کا بلا مقابلہ انتخاب صحافتی برادری کے باہمی اعتماد اور اتحاد کا مظہر ہے۔ امید ہے کہ نومنتخب کابینہ صحافت کے وقار، آزادیٔ اظہار، ذمہ دارانہ صحافت اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لائے گی، بیان میں اس امید کا بھی اظہار کیا گیا کہ نومنتخب کابینہ تربت پریس کلب کی مثبت اور شاندار صحافتی روایات کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ صحافیوں کے حقوق، فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ امور کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی، تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ میں حافظ صلاح الدین سلفی صدر، نورشاہ نور نائب صدر، ماجد صمد جنرل سیکریٹری، ایاز اسلم جوائنٹ سیکریٹری جبکہ مقبول ناصر خزانچی منتخب ہوئے ہیں۔

بقیہ اُستمان 39

ضیاع افسوسناک ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں حاجی میر یونس بلوچ نے کہا کہ دہشت اور وحشت پر مبنی سوچ انسانیت، امن اور معاشرے کے مستقبل کے خلاف ایک سنگین خطرہ ہے، جس کا خاتمہ اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ ایسے عناصر کے مذموم عزائم کے سامنے قومی اتحاد، باہمی یکجہتی اور عزم و حوصلے کی دیوار کھڑی کرنا ہوگی انہوں نے کہا کہ جب قوم ایک آواز، ایک عزم اور ایک مقصد کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے تو تخریب کاری کے اندھیرے زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتے۔ مشترکہ کوششوں اور قومی یکجہتی کے ذریعے دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا جاسکتا ہے۔

بقیہ اُستمان 40

ڈاکٹر نثار وزیر نجو اور ضلعی سیکریٹری اطلاعات و نشریات یوسف راہی نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے 20 ستمبر کو وندر میں ہونے والے شمولیتی جلسے کے انعقاد اور سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے صدر صف زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان اور پی پی بلوچستان کے صوبائی سینیئر نائب صدر میر علی حسن زہری کی کاوشوں کو سراہا اور شمولیت جلسے کو ضلع حب و ضلع لسبیلا کی سیاست میں اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا ہے۔

بقیہ اُستمان 41

اور موجودہ ضرورت اس امر کی ہے کہ یونیورسٹی کو مزید جگہ، جدید لیبارٹریاں اور نئے تعلیمی و تحقیقی شعبے فراہم کیے جائیں، نہ کہ اس کے موجودہ کیمپس اور اثاثے کم کیے جائیں۔ انجینئر اسلم مندوخیل نے کہا کہ بیوٹمز سٹی کیمپس کے معاملے کے ساتھ ساتھ ماضی میں بھی صوبے کی قیمتی سرکاری اور تعلیمی زمینوں کے استعمال سے متعلق مختلف سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ زرعی تحقیق کے لیے مختص اراضی کے نجی اداروں کو لیز پر دیے جانے، اسپنی روڈ پر واقع خان شہید انسٹی ٹیوٹ کی عمارت کو دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرنے اور سمبلی روڈ پر موجود سرکاری تعلیمی عمارتوں سے متعلق فیصلوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی اور قومی اثاثوں کے استعمال کے فیصلے مکمل شفافیت، واضح قانونی طریقہ کار اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھ کر کیے جانے چاہئیں۔

بقیہ اُستمان 42

دار صحافی کی حیثیت سے عرصہ دراز سے علاقے کے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی صورتحال اور دیگر اہم علاقائی امور کو صحافتی پلیٹ فارم کے ذریعے اجاگر کرتے چلے آ رہے ہیں۔ ان کی صحافتی خدمات اور عوامی مسائل کی نشاندہی کے حوالے سے کاوشیں قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میڈیا کونسل ضلع اوستا محمد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری کی اہم ذمہ داری سونپا جانا ان کی صحافتی صلاحیتوں اور خدمات پر اعتماد کا مظہر ہے۔ امید ہے کہ فرید احمد کمبرانی اپنی نئی ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھاتے ہوئے تنظیم کو مزید فعال اور مؤثر بنانے، صحافی برادری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور علاقائی عوام کی آواز متعلقہ حکام تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ اُستمان 43

بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تفصیلی اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے بتایا کہ اس چار روزہ مہم کے دوران ضلع کی 23 یونین کونسلز میں پانچ سال تک کی عمر کے 67,134 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسو نے بتایا کہ اس مقصد کے لیے مرد و خواتین پر مشتمل کل 190 فیلڈ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی۔ ان ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور مانیٹرنگ کے لیے 23 یونین کونسل آفیسرز، 54 ایریا انچارجز، 14 ٹرانزٹ پوائنٹس اور 18 فکس پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔

بقیہ اُستمان 44

اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابل تحسین اور بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمدورفت متاثر کرنے کی دہشت گردوں کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور نے کہا کہ کارروائی میں اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیاں بھی برآمد ہوئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔ شاہد رند نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور معمول کی پُرامن زندگی کے خواہاں ہیں، اور ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 45

پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ دریں اثنا صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان حاجی نور محمد خان دومڑ نے گزشتہ شب طالب لیز میں کوئلہ کانوں کی مشینری جلانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے غریب ٹھیکیداروں کی مشینری کو نذر آتش کرنا بزدلانہ اور قابل مذمت کارروائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئلہ کانوں میں مشینری جلانے والے شرپسند عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائیں گے اور صوبے میں امن خراب کرنے والے عناصر کا جلد صفایا کیا جائے گا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ اُستمان 46

کاروباری مراکز کو ٹیکس قوانین کی تعمیل اور قابلِ اطلاق تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ BRA ٹیم نے شادی ہالز کے انتظامیہ کو رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل، درست ریکارڈ رکھنے اور قانون کے مطابق واجب الادا ٹیکس کی بروقت ادائیگی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکس نظام میں شفافیت، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور صوبائی محصولات میں اضافہ یقینی بنانا ہے۔ متعلقہ کاروباری اداروں پر زور دیا گیا کہ وہ قابلِ اطلاق قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

بقیہ اُستمان 47

تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کو ہدایات دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے مزید ہدایت کی کہ کمپلیکس کے کام کو جلد سے جلد مکمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ BSDI فیز II کیتحت ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں جاری ترقیاتی کام 80 فیصد مکمل ہو چکے ہیں جس کی بدولت جلد ہی ضلع کے بہت سارے آفیسران ایک ہی چھت کے نیچے عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے سہولیات فراہم کریں گے۔

بقیہ اُستمان 48

میں کینٹ اسٹیشن سے روانہ ہوا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کراچی کینٹ اسٹیشن پر ٹرین مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمت عملی کے مطابق لوگ اسلام آباد روانہ ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں کی وجہ سے عوام بدترین اذیت میں ہیں، سفید پوش لوگ اپنی زندگی کسمپرسی میں گزارنے پر مجبور ہیں، حکومت اپنی بیڈ گورننس کا بدلہ عوام سے لے رہی ہے۔ حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی کا بھتہ ختم ہونا چاہیے، حکومت نے عالمی مارکیٹ کا بہانہ بنا کر قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہوا ہے۔ قبل ازیں جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کے خلاف 35 روز سے کراچی میں گورنر ہاؤس کے باہر دھرنا دے رکھا تھا جو ہفتے کو ختم کر دیا گیا۔

بقیہ اُستمان 49

اور رٹ حکومت نام کی کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی، شہر کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اکثر پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی بلکہ ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے، جو عوام کے ساتھ کھلی زیادتی اور قانون کی خلاف ورزی ہے، ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری کی واردات میں تبدیل کرنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے، انہوں نے مطالبہ کیا

بقیہ اُستمان 50

روٹ پرمٹ، بغیر ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ڈرائیورز اور بھاری بھرکم لوڈنگ جیسے قوانین اور وہیکل آرڈیننس کی خلاف ورزی کرنے والی 26 گاڑیاں مالکان و ڈرائیورز کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرتے ہوئے چالان کیئے گئے اور 7 گاڑیوں کو ضبط کیا گیا اور تمام اہم دستاویزات کی جانچ پڑتال بھی کی گئی سیکرٹری بلوچستان ٹرانسپورٹ اور پروانشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ہدایت کی کہ این 65 سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر چلنے والی تمام ٹرانسپورٹرز کو ٹریفک قوانین اور روٹ پرمٹس کی شرائط پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایات کرتے ہیں کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیاں ضبط کرنے کے ساتھ ساتھ آنے والے دنوں میں مقدمات بھی درج کئے جائیں گے

بقیہ اُستمان 51

گزشتہ برس 6 دسمبر کو گریٹر مانچسٹر کے علاقے بولٹن میں واقع اپنے فلیٹ پر لڑکیوں کو شراب پلائی بے ہوش ہونے پر ان کی عصمت دری کی۔ گریٹر مانچسٹر پولیس کے چائلڈ پروٹیکشن انویسٹی گیشن یونٹ نے معاملے کی چھان بین شروع ہوتے ہی ملزم گرفتاری سے قبل اپنا فلیٹ چھوڑ کر فرار ہوگیا تھا۔ ملزم ایک سابق افغان فوجی ہے جسے 2022 میں اپنی والدہ اور دو بہنوں کے ساتھ برطانیہ پہنچنے کے بعد عارضی رہنے کی اجازت دی گئی، ملزم کچھ عرصہ قبل لڑکیوں کیساتھ آشنا ہوا، سوشل میڈیا پر اسے ٹریپ کیا گیا شراب خریدی اور لڑکیوں کو فلیٹ پر لے گیا جہاں مکروہ فعل سرانجام دیا۔

بقیہ اُستمان 52

محمد ہاشم کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ صدر محمد یوسف خان کاکڑ ضلع چمن صدر محمد حنیف خان اچکزئی زیارت محمد خان دومڑ گوادر صدر علی حسن چکلی نوشکی پنجگور خاران چاغی اور دیگر صوبوں کے صدور نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ یمنی حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب اور حرمین شریفین پر حملہ انتہاء افسوسناک اور ناقابل برداشت ہے ہم اپنے روحانی مرکز کی دفاع اپنے خون کے آخری قطرے تک کریں گے یہود ونصارا مسلمانوں، کے قہر و غضب سے نہیں بچ سکتا تمام امت مسلمہ اپنے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر اپنے روحانی مرکز کا دفاع جانتے ہیں ہم پاکستان اور سعودعرب اور حرمین شریفین کے دفاع سے غافل نہیں ہیں۔

بقیہ اُستمان 53

ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپئیر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہوچکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ رہنماں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا نیا بوجھ ڈال رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ٹرانسپورٹرز کیلئے موجودہ کرایوں پر سروس جاری رکھنا ممکن نہیں ہوگا، جس کے نتیجے میں مسافروں کو بھی مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری اور مؤثر کمی کرے، ٹرانسپورٹرز کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے ایسا نظام وضع کیا جائے جس سے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نجات مل سکے۔

بقیہ اُستمان 54

مطالبات کے اظہار کا ذریعہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان اپنے قائد عمران خان کے سیاسی مقف اور جمہوری جدوجہد کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی اختلافات کو طاقت، مقدمات اور ایف آئی آرز کے ذریعے دبانے کی کوششیں سیاسی مسائل کے حل میں معاون نہیں بن سکتیں، بلکہ اس سے سیاسی بے چینی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ان کے مطابق سیاسی معاملات کو آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے تحت حل کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ اُستمان 55

خاچاتوریان کے نام اپنے تہنیتی پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور آرمینیا نے اپنے دوطرفہ تعلقات میں ایک نیا باب رقم کیا ہے۔ گزشتہ اگست میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی بنیاد پر صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور آرمینیا اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گے اور اپنے عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے مشترکہ مفاد کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو وسعت دیں گے۔

بقیہ اُستمان 56

صوبے بھر میں سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے اپنی جوائننگ رپورٹ جمع کرائی، تین ماہ سے سرکاری فرائض انجام دے رہے تھے کہ اچانک ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر مذکورہ پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی بیروزگاری عروج پر ہے اور نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، اب جبکہ محکمہ جنگلات میں نوجوان بھرتی ہوئے تو کچھ سازشی عناصر کو یہ پسند نہ آیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملازمین کیساتھ ہے اور ان کے حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ جنگلات کی منسوخ شدہ پوسٹوں کا فیصلہ واپس لے۔

بقیہ اُستمان 57

۔واقعے کی اطلاع ملنے پر گنداواہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملزمان کی تلاش کے لیے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 58

وطالبات زیرتعلیم ہیں اور موجودہ ضرورت اس امر کی ہے کہ یونیورسٹی کو مزید جگہ، جدید لیبارٹریاں اور نئے تعلیمی و تحقیقی شعبے فراہم کیے جائیں، نہ کہ اس کے موجودہ کیمپس اور اثاثے کم کیے جائیں۔ انجینئر اسلم مندوخیل نے کہا کہ بیوٹمز سٹی کیمپس کے معاملے کے ساتھ ساتھ ماضی میں بھی صوبے کی قیمتی سرکاری اور تعلیمی زمینوں کے استعمال سے متعلق مختلف سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ زرعی تحقیق کے لیے مختص اراضی کے نجی اداروں کو لیز پر دیے جانے، اسپنی روڈ پر واقع خان شہید انسٹی ٹیوٹ کی عمارت کو دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرنے اور سمبلی روڈ پر موجود سرکاری تعلیمی عمارتوں سے متعلق فیصلوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی اور قومی اثاثوں کے استعمال کے فیصلے مکمل شفافیت، واضح قانونی طریقہ کار اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھ کر کیے جانے چاہئیں۔

بقیہ اُستمان 59

سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران نے متعلقہ افسران و عملے کو ہدایت کی ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، چوکوں اور عوامی مقامات پر پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر اور منظم بنایا جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہ کی جائے۔ ان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں 19 ستمبر کو جوائنٹ روڈ، ہزارہ ٹاؤن، بروری روڈ سے گولیمار چوک سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی گئیں، جن کے دوران 11 پیشہ ور گداگروں کو گرفتار کیا گیا، جن میں 5 خواتین اور 6 مرد شامل ہیں۔

بقیہ اُستمان 60

سے بہہ کر ندی نالوں میں داخل ہونے لگا جس سے ندی نالوں میں طغیانی کی صورتحال پیدا ہوگئی جبکہ کوردہ ندی میں بھی نچلے درجے کا سیلابی ریلہ داخل ہوگیا۔ وقفے وقفے سے بارش کے باعث علاقے کے خشک پہاڑی سلسلے پر ہر طرف پانی ہی پانی نظر آنے لگا اور خشک و سنگلاخ پہاڑوں نے بارش کے بعد خوبصورت منظر اختیار کر لیا۔ پہاڑی علاقوں میں برساتی پانی کے بہاؤ میں اضافے کے باعث ندی نالوں کی صورتحال بھی تبدیل ہوگئی اور علاقے میں بارش کا پانی تیزی سے بہتا دکھائی دیا۔ موسلادھار بارش کے بعد کنراج اور گردونواح کا قدرتی منظر بھی نکھر گیا اور خشک پہاڑی سلسلہ بارش کے پانی سے سرسبز و دلکش منظر پیش کرنے لگا۔

بقیہ اُستمان 61

بے قابو ہوگئی اور سڑک پر الٹ گئی۔ اس خوفناک حادثے کے نتیجے میں ایس ایچ او جاوید حسین آرائیں کو مختلف حصوں میں چوٹیں آئیں، تاہم غنیمت یہ رہی کہ وہ اس بڑے حادثے میں محفوظ رہے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، اور ہم بارگاہِ الٰہی میں دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایس ایچ او جاوید حسین آرائیں کو مکمل صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور انہیں اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

بقیہ اُستمان 62

کوششیں جاری تھیں۔ جانان بڑیچ کی بازیابی پر اہل خانہ نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کی رہائی اور خیریت کے لیے فکرمند رہنے والے تمام بہی خواہوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 63

ایرانی تیل کو صحبت پور ضلع بھر تحصیل پہنور سنجری۔ تحصیل مانجھی پور۔ تحصیل حیردین تحصیل فرید آباد تحصیل جیا ایرانی تیل کو پر لگ گئے ہیں مختلف پمپ پر مختلف قیمت نہ معیار نہ مقدار 300 سے لیکر 450 تک فی لیٹر فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ دوسری جانب پولیس کے انسپکٹر رینک کا افسر اس سارے کام کی نگرانی کرتا ہے انکشاف ہوا ہے اسی پولیس انسپکٹر کی نگرانی میں پٹ فیڈر کے راستے آزاد کشمیر کھوسو کے خفیہ راستوں سے منشات پان پراگ چرس آئس ایرانی تیل نان کسٹم گاڑیاں اندرون سندھ بہادر پور سے پورے ملک میں سپلائی کرتا ہے۔ بتایا جاتا ہے ایس پی کو پچاس لاکھ۔ ایم پی اے کو پندرہ لاکھ کیسائز کے ای ٹی او کو دس لاکھ سے ساتھ لاکھ دیا جاتا ہے۔ اور پولیس انسپکٹر 20 سے 25 لاکھ رکھتا ہے خرچے کا بہانہ کیا جاتا ہے۔ یہ سارا کام رات کو ایک سے دو بجے انجام دیا جاتا ہے۔

بقیہ اُستمان 64

چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2023 کی سرکاری مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق سریاب سب ڈویژن کی آبادی 561,265 ہے جو کچلاک کی سرکاری طور پر درج شدہ آبادی سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ کچلاک کی آبادی کے حوالے سے سرکاری مردم شماری کے مختلف جدولوں میں اعداد میں فرق موجود ہے تاہم دونوں حوالوں میں سریاب کی آبادی کچلاک سے زیادہ بنتی ہے۔ اس لیے محض آبادی کے نامکمل یا غیر درست اعداد کو بنیاد بنا کر سریاب جیسے بڑے اور گنجان آباد علاقے کو کوئٹہ ویسٹ کے انتظامی مرکز سے دور کرنے کی کوشش زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ سریاب محض ایک رہائشی علاقہ نہیں بلکہ کوئٹہ شہر کا ایک وسیع گنجان آباد اور انتہائی اہم شہری خطہ ہے۔

بقیہ اُستمان 65

سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان بالخصوص بیگ محمد بیسانی قادر بیسانی کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ اُستمان 66

حکومت اپنے چیئرمین کے ذریعے اپنے منظور نظر غیرتاجر اور غیرمستحق افراد میں تقسیم کر کے قانون اور لورالائی تاجران دشمنی کے مرتکب ہونگے جو کہ لوکل گورنمنٹ 2010 ترمیمی ایکٹ کے صریحا خلاف ورزی ہے۔

بقیہ اُستمان 67

کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ اُستمان 68

31 جنوری کو ہونے والے ایک شدید دھماکے کے باعث متاثر ہوا تھا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے سول سیکریٹریٹ کے ساتھ ریلویز ہاکی گراؤنڈ کے سامنے ہاکی چوک کو عبدالستار ایدھی کے نام سے منسوب کیا گیا تھا۔ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ریڈ زون کے جنوب کی جانب دو مضبوط اور بڑے گیٹ لگائے گئے ہیں جس کے باعث اب نئے مجسمے کو سابقہ جگہ کی بجائے کچھ فاصلے پر گیٹ سے باہر نصب کیا گیا ہے تا کہ یہ لوگوں کو نظر آسکے۔

بقیہ اُستمان 69

نہیں رہا حکومت نے پوری معیشت کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے، لیکن زراعت جو پاکستان کی معیشت کی بنیاد اور اکثریت آبادی کا گزر معاش ہے اسے تو جان بوجھ کر بحران میں مبتلا کیا گیا ہے. ان خیالات کا اظہار کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان کے مرکزی سیکریٹری جنرل کامریڈ امداد قاضی نے ضلعہ بہاولپور پنجاب کے مضافات رنگپور میں کمیونسٹ پارٹی اور پنجاب کسان کمیٹی کی طرف سے منعقدہ کسان کانفرنس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہیں. تقریب سے صوبائی صدر بلوچستان فرباد رند و دیگر مرکزی و صوبائی قائدین نے خطاب کی امداد قاضی نے مزید کہا کہ حکمران پاکستان کے عوام پر آئے دن نیا ٹیکس خاص طور پر پیٹرولیم کی لیوی جو صرف اقتدار پر قابض ٹولے کی عیاشی پر خرچ ہوتی ہے، کا نیا بوجھ ڈال رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 70

متعارف کرانے والے تائیکونڈو ماسٹر حکیم نادر عباس (مرحوم) کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے این ایس تائیکونڈو کلب ماڈل ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد نے پانچویں حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ منعقد کی، جس میں مختلف کلبوں کے 170 سے زائد تائیکونڈو پلیئرز بچوں اور بچیوں نے شرکت کی۔ تائیکونڈو ماسٹر سراج دین نے ینگ پلیئرز میں انعامات تقسیم کیے۔

بقیہ اُستمان 71

اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر کامریڈ ظہور بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے صوبائی فنانس سیکرٹری میر اشرف علی مینگل تھے، جبکہ قلات ڈویژن کے رہنما ایڈوکیٹ حمید بلوچ نے بطور اعزازی مہمان شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قلات، تحصیل اور خواتین فورم کی کابینہ کے عہدیداروں نے شرکت کی اور تنظیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی اپنی تفصیلی کارکردگی رپورٹ پیش کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی و ضلعی قائدین اور دیگر مقررین ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالرحمٰن سربرہ تحصیل قلات کے جنرل سیکرٹری حفیظ سائد براہوئی پریس سیکرٹری مقبول گل محمد شہی شعیب مغل خواتین ونگ کی سیکریٹری میڈم شازیہ اکبر زہری صدر فرزانہ حسین نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک منظم، جمہوری اور نظریاتی سیاسی پارٹی ہے جس کا مقصد عوام کے حقوق کی پاسداری اور مڈل کلاس کی سیاسی و فکری تربیت کرنا ہے۔

CamScanner

نصیر آباد، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ایکسین بوستان

بہتر سڑکیں تجارت، زراعت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، خان چانڈیو

چھتر (آن لائن) نصیر آباد میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں گے بہتر سڑکیں تجارت، زراعت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، عوام کو معیاری سفری سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے ایکسین مواصلات و تعمیرات نصیر آباد بوستان خان چانڈیو تفصیلات کے مطابق ایکسین مواصلات و تعمیرات روڈز نصیر آباد بوستان خان چانڈیو نے کہا ہے کہ ضلع نصیر آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی کاموں کے معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عوام کو بہتر سفری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ڈھاڈر، سیکرٹری پی ٹی آئی اے بلوچستان کی ہدایت پر قلم دین چیک پوسٹ پر ٹریفک پولیس کچھی غیر قانونی روٹ استعمال کرنے اور غیر پرمٹ گاڑیوں کے خلاف کارروائی کر رہی ہے

ڈھائی سالہ فارمولا طے پایا تھا، سرفراز بگٹی کو برقرار رہنا چاہیے، زرک مندوخیل

تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے، رکن اسمبلی (ن) لیگ

ملک میں نئے صوبے بنانے کے حق میں ہیں، جتنے زیادہ انتظامی یونٹس ہوں گے، اتنا ہی انتظامی امور چلانا آسان ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان وزارت اعلیٰ سمیت دیگر حکومتی معاملات پر ڈھائی، ڈھائی سال کا فارمولا طے ہوا تھا تاہم موجودہ حالات میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اس لیے میری ذاتی رائے ہے کہ انہیں ہی اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنی چاہیے۔ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے زرک مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت حالات خراب ہیں اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا، ایسے حالات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

27 ستمبر کو باطل کیخلاف حق کی فتح ہوگی، سید صادق آغا

27 ستمبر کا ملک گیر لانگ مارچ تاریخی ہوگا، بلوچستان بھرپور شرکت کیلئے تیار ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہونے والا ملک گیر لانگ مارچ تحریک انصاف کے مطابق عوام کے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

حکومتی معاشی پالیسیوں کا محور پیداواری شعبے کو مضبوط بنانا ہے، احسن اقبال

100 ارب ڈالر ایکسپورٹس ہدف کے حصول کیلئے حکومت، صنعت، اکیڈمیا کو مشترکہ حکمت عملی اپنانی ہوگی، وفاقی وزیر

آٹو انڈسٹری کا پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت، ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا ہوگا' گفتگو

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ اولین ترجیح ہے، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ویژن کے تحت 2035 تک 100 ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہیں، نوجوانوں کو عالمی معیار کے ہنر سے آراستہ کرنا ناگزیر ہے، آٹو انڈسٹری پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ملکی معاشی ترقی کا مستقبل پیداواری اور مینوفیکچرنگ صنعت کے فروغ، برآمدات میں اضافے، تحقیق و ترقی، جدت اور عالمی معیار کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی ویمن یونیورسٹی کوئٹہ میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے امتحانی مرکز کا معائنہ کر رہی ہیں

پریس کلب واشک کی جانب سے تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

واشک (آن لائن) پریس کلب واشک کی جانب سے تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو بلا مقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے اور نومنتخب عہدیداران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے، پریس کلب واشک کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ تربت پریس کلب کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد ناگزیر ہے، یونس بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ میر یونس بلوچ نے کہا ہے کہ کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والا دھماکہ ایک بار پھر ان تلخ حقیقتوں کی یاد دلاتا ہے جہاں امن کے چراغ بجھانے کی کوشش کی جاتی ہے اور معصوم جانیں دہشت کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں دھماکے میں قیمتی جانوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

بیلا، سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت ضلع حب و لسبیلہ کی سیاست میں تاریخی پیش رفت

بیلا (آن لائن) وندر شمولیتی جلسہ اہمیت کا حامل ہے سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کا فیصلہ خوش آئند ہے شمولیت پر خیر مقدم کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ ضلعی جنرل سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

قلات، نیشنل پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے، تنظیمی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا، سینئر باڈی اجلاس

مظلوم طبقات کی آواز بن کر عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر کردار ادا کرتے رہیں گے، میر اشرف علی مینگل، کامریڈ ظہور بلوچ

قلات (آن لائن) نیشنل پارٹی ایک نظریاتی سیاسی جماعت ہے، تنظیمی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا صوبائی و ضلعی قائدین کا قلات میں سینئر باڈی اجلاس سے خطاب، تفصیلات کے مطابق نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا ایک اہم اور فکری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 71)

حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ، نیشنل تائیکوانڈو کلب کی شاندار کارکردگی

نوجوان پلیئرز حاد شاہد اور حرم نے گولڈ میڈلز جبکہ حسان شاہد اور عباد عادل مرزا نے سلور میڈلز حاصل کیے

کوئٹہ (آن لائن) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں نیشنل تائیکوانڈو کلب کے ینگ پلیئرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار میڈلز جیت کر کلب کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں تائیکوانڈو کھیل کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

اوستہ محمد، زراعت کا بحران پاکستان کی معیشت کے لیے تباہ کن ہے، کمیونسٹ پارٹی

سرائیکی صوبہ قومی بنیادوں پر بنانے اور رائے احمد خان کھرل کو نصاب میں شامل کرنے کا مطالبہ

اوستہ محمد (آن لائن) کسان، مزارعہ، کھیت مزدور زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ چھوٹا مالک کسان بھی اب زمین کو آباد کرنے کے قابل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

اوتھل، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سید فدا حسین بخاری کے سالانہ سہ روزہ میلے کی سیکیورٹی پلان کی منظوری دے رہی ہیں

صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سینئر صحافی ظاہر خان ناصر سے انکے بڑے بھائی کی وفات فاتحہ خوانی و اظہار تعزیت کر رہے ہیں

کوئٹہ میں سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کا مجسمہ دوبارہ نصب

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں ممتاز سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کا مجسمہ دوبارہ نصب کر دیا گیا۔ اس سے قبل ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کوئٹہ میں 2021 میں ایک قد آور مجسمہ نصب کیا گیا تھا، جسے بلوچستان کے معروف آرٹسٹ محمد اسحاق لہڑی نے بنایا تھا، لیکن وہ مجسمہ رواں سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

صحافی نصیر احمد پر تشدد کے ملزمان فوری گرفتار کیے جائیں، ملک قیصر عباس

کوئٹہ، اسلام آباد (آن لائن) آل پاکستان صحافت کونسل کے صدر ملک قیصر عباس نے سینئر صحافی اور خبر رساں ادارے آن لائن کے بیورو چیف نصیر احمد کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

لورالائی کی دکانیں اوپن نیلامی کے ذریعے تاجروں کو دی جائیں، نعمت اللہ

لورالائی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ جلالزئی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا کہ لورالائی میونسپل کمیٹی ایریا میں نو تعمیر شدہ دکانیں لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت عوام اور تاجروں کا مشترکہ حق ملکیت ہے۔ نااہل اور نالائق فارم 47 کے جعلی صوبائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

مرحوم عبدالغنی رئیسانی سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، لعل جان جعفر

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری سکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر صاحب، سی ای او بیک منیر احمد نودیزئی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کچھی بیگ محمد رئیسانی اور قادر رئیسانی کے والد محترم کے انتقال پر ان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم عبدالغنی رئیسانی کی مغفرت کے لیے دعا کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

پٹرولیم قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

مہنگے پٹرول نے ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا مشکل بنا دیا، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہوگا

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے جنرل سیکرٹری وزیر خان، اقبال سرگڑھ اور دیگر رہنماؤں نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ اضافہ پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے، پٹرول کی قیمت تاریخ کی بلند (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

کوئٹہ ویسٹ کا ضلعی ہیڈکوارٹر سریاب روڈ سے منتقل کرنے کی کوشش زمینی حقائق کے منافی ہے، نظر محمد مینگل

سریاب کی آبادی کچلاک سے زیادہ ہے، ہیڈکوارٹر کی منتقلی سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہوگا، بی این پی عوامی کا اظہار تشویش

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سینئر نائب صدر نظر محمد مینگل نے کوئٹہ ویسٹ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو سریاب روڈ سے کسی دوسرے مقام پر منتقل کرنے سے متعلق دائر کی گئی آئینی درخواست پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کی انتظامی حدود اور ہیڈکوارٹر کے تعین کا فیصلہ کسی ایک علاقے کے مفاد یا محدود آبادی کے تناظر میں نہیں بلکہ پورے ضلع کی مجموعی آبادی، جغرافیائی محلِ وقوع، عوامی رسائی، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

بیوٹمز اراضی کی الاٹ منٹ منسوخ کی جائے، اسلم مندوخیل

بیوٹمز سٹی کیمپس کسی فرد یا حکومت کی نہیں، عوام اور آنے والی نسلوں کا قومی اثاثہ ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیب انجینئرز اینڈ آرکیٹیکٹس فورم کے سیکرٹری انجینئر اسلم مندوخیل نے بیوٹمز کے سٹی کیمپس کو کسی دوسرے سرکاری ادارے کے حوالے کرنے کے اقدام پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے تعلیمی، تکنیکی اور تحقیقی اثاثوں کو محدود کرنے کے فیصلے بلوچستان کے تعلیمی مستقبل کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوٹمز صوبے کا ایک اہم اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے جہاں ہزاروں طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

گنداخہ، فرید احمد قمبرانی پاکستان میڈیا کونسل ڈسٹرکٹ اوستا محمد کے ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب

فرید احمد قمبرانی کی صحافتی خدمات اور عوامی مسائل اجاگر کرنے کی کاوشیں قابلِ قدر ہیں، عادل حسین جمالی

گنداخہ (آن لائن) سیاسی و سماجی رہنما عادل حسین جمالی، میر فہیم خان رند اور دیگر عوامی حلقوں نے گنداخہ کے سینئر صحافی تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد قمبرانی کو پاکستان میڈیا کونسل ڈسٹرکٹ اوستا محمد کا ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ فرید احمد قمبرانی ایک متحرک، باصلاحیت اور ذمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پٹرولیم لیوی ختم نہ ہوئی تو احتجاج حکومت مخالف تحریک بن سکتا ہے، حافظ نعیم

حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں جماعت اسلامی پاکستان کا سپر ٹرین مارچ اسلام آباد روانہ، کراچی میں 35 روزہ دھرنا ختم

جماعت اسلامی تمام رکاوٹیں عبور کرتے ہوئے اسلام آباد پہنچے گی، گرفتاریاں کرنی ہیں تو حکومت شوق پورا کر کے دیکھ لے

کراچی (آن لائن) پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی کے خاتمے کیلئے جماعت اسلامی پاکستان کا سپر ٹرین مارچ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں کراچی کینٹ اسٹیشن سے اسلام آباد روانہ ہوگیا۔ مارچ کے شرکاء حیدرآباد، روہڑی، سکھر سمیت مختلف شہروں سے ہوتے ہوئے اسلام آباد پہنچیں گے، جہاں جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاجی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ سپر ٹرین مارچ کی روانگی سے قبل کراچی پریس کلب چوک پر جماعت اسلامی کا 35 روز سے جاری دھرنا ختم کر دیا گیا۔ دھرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

صحبت پور، ضلع بھر میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز

پولیو کے خلاف جہاد ہم سب پر فرض ہے، صحبت پور کو پولیو سے پاک رکھنا اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر غلام مرتضیٰ

صحبت پور (آن لائن) صحبت پور ضلع بھر میں پانچ سال تک کے 67,134 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے جو 21 ستمبر سے 24 ستمبر تک جاری رہے گی۔ مہم کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر اس کا افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسو نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو کے خلاف یہ جہاد ہم سب پر فرض ہے اور صحبت پور کو پولیو سے پاک رکھنا ہماری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

صحبت پور میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ اور منشیات کے دھندے کا انکشاف

پٹ فیڈر کینال اور خفیہ راستوں سے بھتہ اور سپلائی کا اسکینڈل بے نقاب

صحبت پور (آن لائن) صحبت پور ضلع بھر میں ایرانی تیل کو پر لگ گئے پٹ فیڈر کینال آزاد کشمیر سمیت دیگر خفیہ راستوں سے پولیس کی انسپکٹر لیول کا افسر ایرانی تیل اور نان کسٹم گاڑیاں منشیات اندرون سندھ سے ملک بھر ترسیل کا انکشاف صحبت پور ایرانی تیل مختلف قیمت کہیں 350 تو کہیں پر تو کہیں پر 450 تو کہیں پر 300 روپے لیٹر نہ معیار نہ مقدار انتظامیہ بے بس پولیس اور ایکسائز کا وجود مشکوک رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

نوشکی، ایک ماہ قبل اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب

قلات کے قریب نامعلوم افراد کی رہائی کے بعد جانان بڑیچ بحفاظت کوئٹہ پہنچ گئے، خاندانی ذرائع کی تصدیق

نوشکی (آن لائن) نوشکی سے ایک ماہ قبل مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب ہوگئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق جانان بڑیچ کو دو روز قبل بلوچستان کے علاقے قلات کے قریب مسلح افراد نے رہا کر دیا، جس کے بعد وہ بحفاظت کوئٹہ پہنچ گئے اور اپنے رشتہ داروں کے ہاں موجود ہیں۔ واضح رہے کہ جانان بڑیچ کو تقریباً ایک ماہ قبل نوشکی کے مسجد روڈ سے مسلح افراد نے اپنی حراست میں لیا تھا، جس کے بعد ان کی بازیابی کے لیے اہلِ خانہ اور متعلقہ حلقوں کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، فضل الرحمن، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، سعد اللہ چنرزئی، ظفر کاکڑ، کلیم اللہ ترین، اللہ داد، اور آغا جان درویش سوک موبائل ٹاور کے نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، لیاقت لہڑی

پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ، کامریڈ ظہور بلوچ، محمد لطیف چوہان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ہرنائی، طالب لیز کے کوئلہ مائنز ایریا میں مسلح افراد کا حملہ، پانچ کانوں میں نصب قیمتی مشینری نذرِ آتش

صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کی واقعے کی شدید مذمت، شرپسند عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لانے کی ہدایت

ہرنائی (آن لائن) ضلع ہرنائی کے کوئلہ مائنز ایریا طالب لیز میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 کوئلہ کانوں میں نصب قیمتی مشینری کو آگ لگا کر نذرِ آتش کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے ٹھیکیداران عبدالخالق، حضرت، محمد نبی، شیخ محمد اور نجیب اللہ کی کوئلہ کانوں کو نشانہ بنایا اور وہاں نصب 3 انجن اور 2 کمپریسر سمیت قیمتی مشینری کو جلا دیا، جس کے نتیجے میں ٹھیکیداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا۔ واقعہ کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم کا شہر کے شادی ہالز کا دورہ

ٹیکس نظام میں شفافیت اور صوبائی محصولات میں اضافہ اولین ترجیح ہے، ٹیکس قوانین سے آگاہی اور نوٹسز جاری

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت اور چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے کوئٹہ کے مختلف شادی ہالز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعدد شادی ہالز کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور بلوچستان سیلز ٹیکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

قلات آپریشن دہشت گردی کے خلاف بڑی کامیابی ہے: شاہد رند

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کا ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی دورہ

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کے ہمراہ BSDI فیز تھری کے تحت جاری ڈسٹرکٹ کمپلیکس لسبیلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

جھل مگسی، ایس ایچ او کوٹ مگسی جاوید حسین آرائیں کی گاڑی کو حادثہ، ٹائر پھٹنے سے گاڑی الٹ گئی

دورانِ سفر جودھ پل کے قریب پیش آنے والے خوفناک حادثے میں ایس ایچ او زخمی، اللہ تعالیٰ سے صحت و سلامتی کی دعا

جھل مگسی (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے میں کوٹ مگسی کے ایس ایچ او کی گاڑی کو دورانِ سفر ایک خوفناک حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او کوٹ مگسی جاوید حسین آرائیں زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او جاوید حسین آرائیں کسی سلسلے میں سفر پر روانہ تھے کہ جب وہ جودھ پل کے قریب پہنچے تو اچانک ان کی گاڑی کی رفتار میں موجود ٹائر زوردار دھماکے کے ساتھ پھٹ گیا۔ ٹائر پھٹنے کی وجہ سے گاڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

کوئٹہ، پسند کی شادی کرنیوالا جیکب آباد تحصیل ٹھل کا رہائشی غلام عباس اپنی اہلیہ سونی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہا ہے

وندر، لسبیلہ کے پہاڑی علاقے کنراج اور گردونواح میں موسلادھار بارش

بارش سے ندی نالوں میں طغیانی، خشک و سنگلاخ پہاڑوں اور قدرتی مناظر نکھر کر دلکش منظر پیش کرنے لگے

وندر (آن لائن) لسبیلہ کے دور دراز پہاڑی علاقے کنراج اور گردونواح میں موسلادھار بارش سے جل تھل ایک ہوگیا ندی نالوں میں طغیانی آ گئی جبکہ کورو ندی میں نچلے درجے کا سیلابی ریلہ داخل ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کے روز لسبیلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں، شاہد رند

بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

غیر ملکی سرپرستی میں ہونیوالی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں، معاون برائے اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابلِ تحسین اور بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں، میر سیف اللہ کھیتران

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران کی خصوصی ہدایات پر کوئٹہ شہر کو پیشہ ورانہ گداگری سے پاک کرنے کے لیے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کوئٹہ غربی کی جانب سے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن اور کارروائیوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

محکمہ جنگلات کی منسوخ بھرتیاں بحال کی جائیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رحیم کاکڑ نے محکمہ جنگلات کے حالیہ بھرتیوں کی منسوخی کی مذمت کرتے ہوئے بیان میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بیوٹمز کیمپس اراضی کی الاٹمنٹ منسوخ کی جائے' اسلم مندوخیل

بیوٹمز سٹی کیمپس کسی فرد یا حکومت کی نہیں، عوام اور آنے والی نسلوں کا قومی اثاثہ ہے

کوئٹہ (اے این این) انجینئرز اینڈ آرکیٹیکٹس فورم کے سیکرٹری انجینئر اسلم مندوخیل نے بیوٹمز کے سٹی کیمپس کو کسی دوسرے سرکاری ادارے کے حوالے کرنے کے اقدام پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے تعلیمی، تکنیکی اور تحقیقی اثاثوں کو محدود کرنے کے فیصلے بلوچستان کے تعلیمی مستقبل کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوٹمز صوبے کا ایک اہم اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے جہاں ہزاروں طلبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

جھل مگسی، گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی واردات، موٹر سائیکل، بیٹری اور نقدی چوری

چور نبی بخش ڈھکڑ کے گھر سے موٹر سائیکل، بیٹری، موبائل اور نقدی لے اڑے، پولیس کی تفتیش جاری

جھل مگسی (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی ایک واردات پیش آئی ہے، جہاں نامعلوم چوروں نے گزشتہ شب ایک شہری کو نشانہ بنایا۔ متاثرہ شہری نبی بخش ڈھکڑ کے مطابق چور رات کی تاریکی میں ان کے گھر یا مطلوبہ مقام سے 2023 ماڈل کی سی ڈی موٹر سائیکل، 115 ولٹ کی بیٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ
موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
I اسلام آباد
P پنجاب
K خیبر پختونخوا
G گلگت بلتستان
S سندھ
B بلوچستان
A آزاد جموں و کشمیر

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID(I)2695-D/26